AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 ہفتہ 12 رمضان المبارک 1445ھ 23 مارچ 2024ء 10 چیت 2079ب شمارہ نمبر 279

موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث متبادل توانائی کے ذرائع وقت کی اہم ضرورت ہیں، وزیر خارجہ

جوہری توانائی اسوقت محفوظ، معاشی لحاظ سے بہتر ہے، پاکستان میں نیوکلیئر انرجی کے 3 ہزار 500 میگاواٹ سے زائد کے منصوبے انسٹال ہوچکے، چین کی مدد سے چشمہ فائیو نیوکلیئر پاور پراجیکٹ لگانے جارہے ہیں

برسلز میں منعقدہ جوہری توانائی سمٹ ایک خوش آئند اقدام، جوہری توانائی بطور متبادل ذرائع پر گفتگو ہورہی ہے، سمٹ میں جوہری توانائی کے استعمال سے متعلق مختلف آئیڈیاز آئے ہیں جو خوش آئند ہیں، اسحاق ڈار

برسلز (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے متبادل توانائی کے ذرائع وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ برسلز میں منعقدہ جوہری توانائی کے سربراہی اجلاس اور دورہ کے موقع پر وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنا ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ برسلز میں منعقدہ جوہری توانائی سمٹ ایک خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمٹ میں جوہری توانائی بطور متبادل ذرائع پر گفتگو ہورہی ہے، سمٹ میں جوہری توانائی کے استعمال سے متعلق مختلف آئیڈیاز آئے ہیں جو خوش آئند ہیں۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ ہم نے پاکستان کی طرف سے اس توانائی کے استعمال کی حمایت کی ہے، پاکستان میں نیوکلیئر انرجی کے 3ہزار500 میگاواٹ سے زائد کے منصوبے انسٹال ہوچکے ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ چین کی مدد سے چشمہ فائیو نیوکلیئر (بقیہ نمبر 1)

یوم پاکستان آج قومی جوش وجذبے، شایان شان طریقے سے منایا جائیگا

وفاقی دارالحکومت میں 31، صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی جائے گی

لاہور (این این آئی) 84واں یوم پاکستان آج 23 مارچ (ہفتہ) کو قومی جوش وجذبے، ملی حمیت اور شایان شان طریقے سے منایا جائے گا، اس دن کی مناسبت سے وفاقی وصوبائی دارالحکومتوں، تمام ڈویژنل وضلعی ہیڈکوارٹرز پر خصوصی پروگرام منعقد کئے جائیں گے اور قومی پرچم لہرائے جائیں گے، یوم پاکستان کے موقع پر وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی (بقیہ نمبر 2)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف فارن کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس کے وفد سے ملاقات کررہی ہیں

جسٹس شوکت عزیز صدیقی کی برطرفی کا فیصلہ کالعدم

برطرفی کے خلاف اپیلیں منظور، کیس تاخیر سے مقرر ہونے کی وجہ سے عمر 62 سال پوری ہوچکی، شوکت عزیز صدیقی کو عہدے پر بحال نہیں کیا جاسکتا، ہائی کورٹ سے ریٹائرڈ جج ہوں گے، تمام مراعات دی جائیں، سپریم کورٹ فیصلہ

23 جنوری کو سابق جج اسلام آباد ہائی کورٹ شوکت عزیز صدیقی کی برطرفی کے خلاف اپیل کا فیصلہ محفوظ کرلیا تھا، چیف جسٹس نے ریمارکس دیے تھے کہ محتاط چلنا ہوگا، کہیں اداروں کے درمیان قائم آئینی توازن خراب نہ ہو

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سابق جج اسلام آباد ہائی کورٹ شوکت عزیز صدیقی کی برطرفی نوٹی فکیشن کالعدم قرار دیدیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں جسٹس امین الدین، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس عرفان (بقیہ نمبر33)

صدر مملکت زرداری کا سزاؤں میں خصوصی چھوٹ کا اعلان

سزاؤں میں کمی کا اطلاق قتل، جاسوسی اور ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث قیدیوں پر نہیں ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم پاکستان اور عید الفطر کے موقع پر قیدیوں کی سزاؤں میں نوے، نوے روز کی کمی کی منظوری دے دی، سزاؤں میں کمی کا اطلاق قتل، جاسوسی اور ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث قیدیوں پر نہیں ہوگا، سزاؤں میں کمی کا اطلاق زنا، (بقیہ نمبر34)

توڑ پھوڑ کیس: عمران خان، شاہ محمود کو عدالت پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) (عمران خان اور سابق (بقیہ نمبر32)

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان سے برٹش ہائی کمشنر کی پولیٹیکل کونسلر زووییر اسمبلی چیمبر میں ملاقات کررہی ہیں

بجلی صارفین پر 967 ارب روپے کا اضافی بوجھ ڈالنے کی تیاریاں

آئندہ مالی سال کیلئے 6 سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے بجلی کی قیمتوں میں اضافے کیلئے درخواستیں نیپرا میں جمع کرادیں، سماعت 2 اپریل کو ہوگی

19 مارچ کو بھی بجلی کی قیمت میں 4 روپے 99 پیسے فی یونٹ مزید اضافے کی درخواست جمع کرائی گئی تھی جس پر نیپرا 28 مارچ کو سماعت کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) بجلی صارفین پر 967 ارب روپے کا اضافی بوجھ ڈالنے کی تیاریاں شروع کردی گئیں۔ میڈیا کے مطابق آئندہ مالی سال کیلئے 6 سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے لیے درخواستیں نیپرا میں جمع کرادیں جس کی سماعت 2 اپریل کو ہوگی۔ (بقیہ نمبر 3)

تاحیات نااہلی کی مدت 5 سال کرنے کیخلاف درخواست خارج

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد بلال حسن نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنایا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پارلیمنٹ میں تاحیات نااہلی کی مدت 5 سال کرنے کے خلاف درخواست خارج کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد بلال حسن نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنایا۔ سماعت کے دوران وفاقی حکومت کے وکیل نے (بقیہ نمبر 4)

عمران ریاض کیخلاف مقدمات، ایف آئی اے، پولیس، اینٹی کرپشن سے رپورٹ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے صحافی عمران ریاض کے خلاف درج مقدمات اور انکوائریوں کی تفصیلات فراہمی کی درخواست (بقیہ نمبر 5)

صاف پانی، ویسٹ منیجمنٹ، ہیلتھ، ایجوکیشن سیکٹر میں بہتری لانے کی ضرورت ہے، مریم نواز

وزیر اعلیٰ سے فارن کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس کے وفد کی ملاقات، ہیلتھ، تعلیم اور دیگر شعبوں میں اشتراک کار پر اتفاق، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب فوکل پرسن مقرر

ویسٹ منیجمنٹ کے نظام میں دیہات کو نظر انداز کیا، صوبے میں کوڑا اکٹھا کرنے کا مناسب سسٹم نہیں، پائیدار نظام لارہے ہیں، لانگ ٹرم منصوبوں پر کام کررہے ہیں، وزیر اعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت فارن کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس اور برطانیہ کے تعاون سے سی ایم ایس شیٹیو کے مجوزہ روڈ میپ کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ہیلتھ، تعلیم، سالڈ ویسٹ منیجمنٹ، موسمیاتی تغیرات، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور دیگر شعبوں میں اشتراک کار پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں ایئر کوالٹی انڈیکس میں بہتری کے لئے پائیدار اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کو فوکل پرسن مقرر کر دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے عوامی فلاح و بہبود کے ویژن کے مطابق اہداف کے حصول پر بھی اتفاق کیا گیا۔ سروس ڈیلیوری اور گڈ گورننس کے اشاریے کی مانیٹرنگ کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے وفد کا خیر مقدم کیا اور پائیدار اقدامات کے لئے اشتراک کار کے جذبے کو سراہا۔ (بقیہ نمبر 31)

وزیر اعلیٰ کے پی اندر وزیر اعظم کی منتیں کرتے باہر ڈائیلاگ مارتے ہیں، پیپلز پارٹی

حکومتی اتحاد کامیاب ہوگا، سینیٹ انتخابات کے بعد حکومت سازی کا عمل مکمل ہوجائیگا، خیبر پختونخوا اسمبلی کا اجلاس بلوانے کیلئے عدالت جانے کا اعلان۔

خیبر پختونخوا حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، اگر آپ رشوت مانگے گیں تو پورا ٹرک لانا پڑے گا، فیصل کریم کنڈی کا وزیر اعلیٰ کے پی کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین جب باہر آتے ہیں تو ڈائیلاگ مارتے ہیں اور جب اندر ہوتے ہیں تو وزیر اعظم کے پاؤں پڑ جاتے ہیں، منتیں کرتے ہیں باہر کہتے ہیں کہ میں وزیر اعظم کو نہیں مانتا، ہم چاہتے ہیں کہ تصادم نا ہو، اندر ہم چاہتے ہیں کہ صوبے اور فیڈریشن میں اچھے تعلقات ہوں۔ ملک میں بڑھتی دہشتگردی پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے بار بار افغانستان کو پیغام دیا کہ آپ کی زمین ہمارے خلاف استعمال ہورہی ہے اور اب ہم اسے اور نہیں برداشت کرسکتے، ہم پڑوسیوں سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں مگر اس کا مطلب نہیں کہ آپ اپنی سرزمین ہمارے دشمنوں کے حوالے کرے، اب بہت ہوگیا، اب یہ چیزیں برداشت نہیں کرنی چاہیے، اب روزانہ ہم لاشیں نہیں اٹھا سکتے، اب بات (بقیہ نمبر 6)

لاہور، صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

آزاد کشمیر کے پولیس افسر کو تمغہ امتیاز دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے آزاد جموں وکشمیر پولیس کے ایس (بقیہ نمبر 7)

این اے 154، دوبارہ گنتی، ن لیگی امیدوار عبدالرحمٰن خان کانجو کامیاب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 154 لودھراں میں ووٹوں (بقیہ نمبر 9)

سندھ: مختلف اہم سرکاری افسران کے 1 ہفتے میں کئی بار تبادلے

بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی میں تین گھنٹے کے اندر 2 ڈائریکٹر جنرل تبدیل، افسران بھی پریشان

کراچی (این این آئی) سندھ میں مختلف اہم سرکاری افسران کے 1 ہفتے میں کئی مرتبہ تبادلے کر دیئے گئے، سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی میں تین گھنٹے کے اندر 2 ڈائریکٹر جنرل تبدیل، افسران بھی پریشان ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق سابق سیکرٹری خزانہ سندھ کاظم جتوئی کا 1 ہفتے میں (بقیہ نمبر8)

پاکستان میں جمہوریت یقینی بنایا جائے، امریکی ایوان میں قرارداد منظور

کمیٹی سے منظوری کے بعد یہ بل اب امریکی ایوان نمائندگان کو بھجوایا جائے گا، غیر ملکی میڈیا رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایوان نمائندگان کی فارن افیئرز کمیٹی نے پاکستان میں جمہوریت، انسانی حقوق اور قانون کی پاسداری سے متعلق قرارداد صفر کے مقابلے میں 50 (بقیہ نمبر 10)

گوادر، شہید سپاہی آبائی علاقوں میں مکمل فوجی اعزاز کیساتھ سپردِ خاک

مادرِ وطن سے دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) گوادر میں شہید ہونے والے سپاہی بہار خان اور عمران علی کو ان کے آبائی علاقوں میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات (بقیہ نمبر 11)

کراچی، لیاری میں خواتین بے نظیر انکم سپورٹ پروگرزام کی رقم کے حصول کیلئے لائن میں کھڑی ہیں

کوئٹہ، وزیر اعظم میاں شہباز شریف سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

جھوٹے سائفر سے سیاست، معیشت اور ریاست کو خراب کیا گیا، ملک احمد خان

ڈونلڈ لو کا بانی پی ٹی آئی کے سائفر بیان کو جھوٹ کہنا کونسی نئی بات، ہم تو یہ بات ایک عرصہ سے کہہ رہے ہیں، سپیکر پنجاب اسمبلی کی میڈیا سے گفتگو

سپیکر سے برٹش ہائی کمیشن کی پولیٹیکل کونسلر زوویئر کی بھی ملاقات، باہمی دلچسپی ملکی صورتحال اور پارلیمنٹ کی بالادستی سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے کہا ہے کہ جھوٹے سائفر سے سیاست، معیشت اور ریاست کو خراب کیا گیا، سائفر ہے کہاں، جیب سے جعلی خط لہرانا سب سیاسی رنگ تھا، اتنا بڑا جھوٹ کبھی زندگی میں نہیں سنا جس سے پاکستان کو نقصان پہنچا، ڈونلڈ لو کا بانی پی ٹی آئی کے سائفر بیان کو جھوٹ کہنا کون سی نئی بات ہے، ہم تو یہ بات ایک عرصہ سے کہہ رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 29)

وزیر اعظم خود فارم 47 والے ہیں بات کیا کریں، علی امین گنڈاپور

ڈونلڈ لو کے بیان کی پاکستانی سفیر اسد مجید نے تصدیق کی تھی، بلا کر پوچھا جائے کہ بات چیت نہیں ہوئی تو سائفر کس نے بھیجا، وزیر اعلیٰ پختونخوا

عوام کی سپورٹ حکومت کے ساتھ نہیں، بانی پی ٹی آئی کبھی ڈیل نہیں کریں گے، ہمیشہ کہا کہ پاکستان کیلئے بات چیت کیلئے تیار ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کا کہنا ہے وزیر اعظم شہباز شریف خود فارم 47 والے ہیں ان سے انتخابی دھاندلی پر کیا بات کروں۔ ضمانت کے لیے عدالت میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا سائفر سازش تھی اب بھی اپنے بیان پر کھڑے ہیں، غیرت مند پاکستانی کے گھر میں مداخلت بھی ہو تو یہ سازش ہے۔ ان کا کہنا تھا سائفر سے متعلق ڈونلڈ لو کے بیان کی پاکستانی سفیر (بقیہ نمبر12)

ضمنی الیکشن کیلئے فہرست جاری، حماد اظہر اور مونس الٰہی کے کاغذات مسترد

پی پی 158 سے مونس الٰہی کے کاغذات نامزدگی بھی مسترد کردیئے گئے، الیکشن کمیشن

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے ضمنی انتخابات کے لیے لاہور سے قومی اسمبلی کی ایک اور صوبائی اسمبلی کی 4 نشستوں پر کاغذات نامزدگی سے متعلق جانچ پڑتال کا عمل مکمل کرلیا۔ (بقیہ نمبر13)

مبینہ بدعنوانی کے مقدمے میں قیصرہ الٰہی کی عبوری ضمانت کنفرم

لاہور (این این آئی) رنگ روڈ منصوبے کی توسیع کی منظوری میں مبینہ بدعنوانی کے (بقیہ نمبر 14)

حکومت اداروں کو مالی طور پر خود کفیل بنانے پر غور کررہی ہے، شاہیرہ شاہد

پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن ایک اہم ادارہ ہے، یہ مختلف زبانوں میں خبریں (بقیہ نمبر 15)

پنجاب اسمبلی، قانون سازی کیلئے قائمہ کمیٹیوں کی تشکیل تک خصوصی کمیٹی قائم

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قانون سازی کیلئے قائمہ کمیٹیوں کی تشکیل (بقیہ نمبر 16)

کوئٹہ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور جعفر خان مندوخیل ملاقات کررہے ہیں

توہین عدالت کیس میں ڈی سی اسلام آباد کی سزا 7 مئی تک معطل

چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے تحریری آرڈر جاری کیا،

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے رہنما پاکستان تحریک انصاف شہریار آفریدی اور شاندانہ گلزار کی مینٹیننس پبلک آرڈر (ایم پی او) کے تحت گرفتاری کے خلاف توہین (بقیہ نمبر 25)

نجیب ہارون نے سینیٹ الیکشن کیلئے کاغذات مسترد ہونے کیخلاف اپیل دائر کردی

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما نجیب ہارون (بقیہ نمبر 28)

جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس: علی امین گنڈاپور کی ضمانت منظور

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین (بقیہ نمبر 27)

زلفی بخاری کی اپیل مسترد، یاسمین راشد کے کاغذات نامزدگی منظوری کا فیصلہ برقرار

لاہور ہائیکورٹ کے اپیلیٹ ٹربیونل کے جج جسٹس شاہد بلال حسن نے دونوں اپیلوں پر محفوظ فیصلہ سنایا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ کے اپیلیٹ ٹربیونل نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما زلفی بخاری کی سینیٹ انتخابات میں کاغذات نامزدگی مسترد کیے جانے کے خلاف اپیل کو مسترد جبکہ یاسمین راشد کے کاغذات نامزدگی منظوری کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔ جسٹس شاہد بلال حسن نے (بقیہ نمبر 30)

لاہور، صوبائی وزیر صحت سلمان رفیق اپنے دفتر میں عوامی مسائل حل کرتے ہوئے

پی آئی اے کی نجکاری جون تک ہوجائیگی، قانون سازی ہوچکی، مصدق ملک

نقصان میں چلنے والے ادارے کا مزید بوجھ نہیں اٹھاسکتے، خسارے میں چلنے والے اداروں کی نجکاری ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کی نجکاری جون تک ہو جائے گی جس کے لیے (بقیہ نمبر 24)

کراچی پورٹس پر نئے ٹرمینل کی تعمیر میں ریلوے کو نظر انداز کئے جانے کا انکشاف

لاہور (این این آئی) ابوظہبی کی سرمایہ کاری سے کراچی پورٹس پر نئے ٹرمینل کی تعمیر میں پاکستان ریلوے کو نظر انداز کئے جانے (بقیہ نمبر 21)

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے عدالت سے غیر مشروط معافی مانگ لی

اسلام آباد (این این آئی) عدالتی احکامات کے باوجود بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان سے ملاقات نہ کرانے پر سپرنٹنڈنٹ (بقیہ نمبر20)

پاک بحریہ اور کسٹمز کی مشترکہ کارروائی، کروڑوں روپے کی شراب پکڑلی

کراچی (این این آئی) پاک بحریہ، کسٹمز اور پی ایم ایس اے نے سمندری حدود میں مشترکہ کارروائی کر کے کروڑوں روپے مالیت کی (بقیہ نمبر 26)

خیبر پختونخوا، مخصوص نشستوں پر حلف برداری کا معاملہ، جواب طلب

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی میں مخصوص نشستوں پر حلف برداری کے کیس میں پشاور ہائی کورٹ نے فریقین کو ابتدائی نوٹس جاری کرتے ہوئے 4 دن میں جواب طلب کرلیا۔ پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس شکیل احمد اور جسٹس (بقیہ نمبر 22)

عوام کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، خواجہ سلمان رفیق

سرکاری ہسپتالوں کے حالات بہتر کرنا اولین ترجیح ہے، وزیر صحت پنجاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے اپنے دفتر میں عوامی مسائل کے حل کیلئے مختلف لوگوں نے ملاقاتیں کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے ڈاکٹر عیس محمد نے بھی ملاقات کی۔ ڈاکٹر عیس محمد نے خواجہ سلمان رفیق کو محکمہ صحت کا قلمدان سنبھالنے پر (بقیہ نمبر23)

ریاست کو بچانے کیلئے مشکل فیصلے کرنے پڑیں گے، شزا فاطمہ

شہباز شریف کی قیادت میں قومی معیشت بہتر ہوگی، سرمایہ کاری کے لئے نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، وزیر مملکت انفارمیشن ٹیکنالوجی

ملک کی ترقی اور عوام کی بہتری کے لیے ہمیں بحیثیت قوم مل کر آگے بڑھنا ہوگا، رانا مشہود اور روبینہ خورشید عالم کے ہمراہ پریس کانفرنس۔

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں قومی معیشت بہتر ہوگی، سرمایہ کاری کے لئے نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، ریاست کو بچانے کے لئے کچھ مشکل فیصلے کرنا پڑے ہیں، ملک کی ترقی اور عوام کی بہتری کیلئے ہمیں بحیثیت قوم مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔ وہ جمعہ کو یہاں مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما رانا مشہود اور روبینہ خورشید عالم کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے (بقیہ نمبر 17)

ماہ رمضان فلسطین کا مہینہ
غزہ پر اسرائیلی جارحیت کا ذمہ دار امریکہ ہے
لاہور، انجمن طلباء اسلام ضلع لاہور کے زیر اہتمام امریکہ کیخلاف مظاہرہ کیا جارہا ہے

ٹریفک مینجمنٹ پروگرام پر گوگل سے بھرپور تعاون کرینگے، وزیر اعلیٰ سندھ

چاہتے ہیں یو ایس ایڈ سکولوں کی سیلاب متاثرہ عمارتوں کی تعمیر میں تعاون کرے، مراد شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کراچی میں ٹریفک مینجمنٹ پروگرام کے سلسلے میں گوگل سے بھرپور تعاون کرے گی۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد (بقیہ نمبر19)

ہفتہ وار مہنگائی معمولی کمی کے بعد 29 فیصد ریکارڈ

زیر جائزہ مدت کے دوران 9 اشیا کے نرخوں میں اضافہ، 17 کی قیمتوں میں کمی ہوئی

لاہور (این این آئی) حساس قیمت انڈیکس سے پیمائش کردہ قلیل مدتی مہنگائی کی شرح 21 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران سالانہ بنیادوں پر معمولی کمی کے بعد 29.06 فیصد (بقیہ نمبر18)

اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سابق نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ اور سینیٹر دنیش کمار، ایمل ولی خان کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ خوش آئند

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے رپورٹ کیا ہے کہ براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) فروری میں سالانہ بنیادوں پر 16 فیصد بڑھ کر 13 کروڑ 12 لاکھ ڈالر ہو گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فروری میں یہ اضافہ جنوری کے مقابلے میں خوشگوار تبدیلی ہے، جب اس کی صورتحال خراب رہی تھی اور اس مد میں 17 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کا خالص اخراج دیکھا گیا تھا تاہم مجموعی طور پر منفی رجحان کے ساتھ رواں مالی سال 2024 کے ابتدائی 8 ماہ کے دوران (جولائی تا فروری) براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 17 فیصد تنزلی کے ساتھ 82 کروڑ 10 لاکھ ڈالر رہی، زیادہ پریشان کن بات یہ ہے کہ روایتی طور پر سب سے زیادہ سرمایہ کاری کرنے والے چین کی جانب سے آنے والی ایف ڈی آئی میں 80 فیصد کی گراوٹ دیکھی گئی۔ رواں مالی سال کے دوران براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کی آمد میں شدید اتار چڑھاؤ کا مشاہدہ کیا گیا جس کی بنیادی وجہ سیاسی اور معاشی غیر یقینی ہے، اب تک اس مد میں دسمبر میں سب سے زیادہ 21 کروڑ 10 لاکھ ڈالر کی رقم موصول ہوئی۔ مرکزی بینک کے اعداد و شمار غیر ملکی سرمایہ کاروں کے پچھلی دہائی کے مقابلے میں بہت کم دلچسپی کو ظاہر کرتے ہیں جس کے نتیجے میں بالخصوص مشرق وسطی سے سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے نئی باڈی کی تشکیل کی گئی تاہم، عرب ممالک کی جانب سے عالمی سطح پر کی گئی کل 82 کروڑ ڈالر کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں سے پاکستان میں جولائی تا فروری کے دوران کل 3 کروڑ 94 لاکھ ڈالر آئے۔ متحدہ عرب امارات سے کل 2 کروڑ 30 لاکھ ڈالر، کویت سے ایک کروڑ 22 لاکھ ڈالر، سعودی عرب سے 22 لاکھ ڈالر اور قطر سے 19 لاکھ ڈالر موصول ہوئے۔ مالی سال 2022 کے مقابلے میں گزشتہ مالی سال 2023 کے دوران 25 فیصد کم غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری ہوئی، موجودہ رجحان سے پتا چلتا ہے کہ 2023 میں موصول ہونے والے ایک ارب 50 کروڑ ڈالر تک پہنچنا بھی مشکل نظر آتا ہے۔ چین سے موصول ہونے والی سرمایہ کاری میں 83 فیصد کی تنزلی سیاسی عدم استحکام کا سرمایہ کاروں کے اعتماد پر اثر نظر آتا ہے، چین سے گزشتہ برس کے 47 کروڑ 24 لاکھ ڈالر کے مقابلے میں صرف 8 کروڑ 4 لاکھ ڈالر آئے۔ چینی پاور کمپنیوں کے پاکستانی حکومت پر واجب الادا اربوں روپے کے حوالے سے خدشات نے سرمایہ کاری کے منظرنامے کو مزید پیچیدہ کر دیا ہے۔ ہانگ کانگ سے جولائی تا فروری کے دوران سب سے زیادہ سرمایہ کاری 23 کروڑ 46 لاکھ ڈالر کی رہی، اس کا حجم گزشتہ برس 15 کروڑ 5 لاکھ ڈالر رہا تھا۔ امریکا اور برطانیہ سے بالترتیب 7 کروڑ 96 لاکھ ڈالر اور 16 کروڑ 37 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی، جبکہ نیدرلینڈز سے 5 کروڑ 87 لاکھ ڈالر موصول ہوئے۔ شعبے کے لحاظ سے دیکھا جائے تو سب سے زیادہ سرمایہ کاری ہائیڈل پاور کے شعبے میں 30 کروڑ 19 لاکھ ڈالر کی موصول ہوئی، جس کا حجم گزشتہ سال 23 کروڑ 29 لاکھ ڈالر رہا تھا، جبکہ تھرمل پاور میں 2 کروڑ 89 لاکھ ڈالر آئے، تاہم کوئلے کے شعبے سے 8 کروڑ 20 لاکھ ڈالر کا خالص انخلا ہوا، جس مد میں گزشتہ برس 31 کروڑ 60 لاکھ ڈالر آئے تھے۔ پاور کے شعبے میں مجموعی طور پر بڑی تنزلی کے بعد 24 کروڑ 90 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری موصول ہوئی، گزشتہ برس اس میں 60 کروڑ ڈالر کی رقم آئی تھی۔ تیل و گیس کی تلاش کے شعبے میں 15 کروڑ 10 لاکھ ڈالر موصول ہوئے، گزشتہ برس کے دوران اس شعبے میں 7 کروڑ 80 لاکھ ڈالر آئے تھے، اسی طرح مالیاتی کاروبار کے شعبے (زیادہ تر بینکوں) نے 12 کروڑ 50 لاکھ ڈالر راغب کیے اس مد میں گزشتہ برس 18 کروڑ 50 لاکھ ڈالر آئے تھے۔

پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ ہی عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا ہے سردار مرسلین ڈوگر

ننکانہ صاحب (غلام سرور) پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ ہی عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا ہے سردار مرسلین ڈوگر تفصیلات کے مطابق پاکستان مسلم لیگ ن کی ایم این اے ڈاکٹر شذرہ منصب علی کھرل نے ننکانہ میں سوئی گیس کے حوالے سے عوامی شکایات اور عوامی مسائل کو حل کرنے کے لیے مسلم لیگ ن کے عوامی ورکرز سردار مرسلین ڈوگر کو کوارڈینیٹر سوئی گیس منتخب کیا ہے اس موقع پر سردار مرسلین ڈوگر کا کہنا تھا کہ پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ ہی عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا ہے اور میں اپنی قائد محترمہ ڈاکٹر شذرہ منصب علی کھرل کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ننکانہ میں گیس کے متعلقہ جو بھی شکایات ہونگی انشا اللہ فوری حل کروانے کی کوشش کروں گا اور رائے صفدر علی خان کھرل کے ہمراہ جلد ہی ہر وارڈ میں جا کر لوگوں کے مسائل کو نوٹ کر کے ان کو حل کرانے کی بھرپور کوشش کریں گے

اسیوی ایشن فار سوشل ڈیولپمنٹ کے تعاون سے آج مورخہ 22-3-24 کو دفتر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی مہم میں اور ٹی بی ڈے کے سلسلہ میں ایک سیمنار اور واک کا انعقاد کیا گیا

(مرزا فاران بیگ جہلم) اسیوی ایشن فار سوشل ڈیولپمنٹ کے تعاون سے آج مورخہ 22-3-24 کو دفتر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی مہم میں اور ٹی بی ڈے کے سلسلہ میں ایک سیمنار اور واک کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیمنار اور واک میں مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے شرکت کی جس میں ڈاکٹر مظہر حیات میاں، سی او جہلم، ڈاکٹر نثار خان ڈسٹرکٹ ٹی بی آفیسر، ڈاکٹر۔۔ ڈاکٹر مسعود احمد DDHO، ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن، ۔۔۔ ڈاکٹر امجد گوندل، عبدالروف TBS، کوثر پروین DFS نے شرکت کی۔ چوہدری فیصل امین صدر جگر میڈیکل ٹرسٹ نے خصوصی شرکت کی۔ سیمنار میں مشترکا کو ضلع میں موجود سرکاری اور پرائیوٹ کلینکس پر موجود ٹی بی کے لیے بروقت تشخیص اور علاج کی سہولت سے متعلق بتایا گیا اور ٹی بی کی تشخیص اور علاج سے متعلق تمام امور کو اجاگر کیا گیا

سرائے عالمگیر پولیس سرکل سمیت 25 تھانوں کی پولیس نے 72 گھنٹوں میں 65 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے 65 کلو چرس اور 329 لٹر شراب برآمد کر لی

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) سرائے عالمگیر پولیس سرکل سمیت 25 تھانوں کی پولیس نے 72 گھنٹوں میں 65 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے 65 کلو چرس اور 329 لٹر شراب برآمد کر لی وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف اور آئی جی پنجاب پولیس کی خصوصی ہدایات پر سرائے عالمگیر کھاریاں، گجرات، جلالپور جٹاں، ٹانڈہ، دولتنگر، کنجاہ، موسی سمیت ضلع بھر کے مختلف تھانوں کے ایس ایچ اوز چوہدری محمد اختر، فہد الرحمٰن گجر، غلام مرتضی چوہدری، مجاہد عباس، راجہ احسان اللہ، تنویر عباس، چوہدری لیاقت، عبدالحی چیمہ اعجاز احمد بھٹی، رانا عمران سلیم سمیت دیگر ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے عملے کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے 72 گھنٹوں کے دوران 65 منشیات فروشوں کے قبضے سے 65 کلو چرس 329 لٹر شراب برآمد کر کے ان کو گرفتار کر کے انکے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لئے یہ بات ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید اسد مظفر نے صحافیوں کو بتائی آس موقعے پر ایس پی انویسٹیگیشن مہر ریاض احمد، ڈی [illegible] گوندل، ڈی ایس پی سرائے عالمگیر مدثر اقبال گجر پی آر او فواد سلیم سمیت دوسرے افسران بھی موجود تھے ڈی پی او سید اسد مظفر نے کہا منشیات فروشی جیسا مکروہ دھندا کرنیوالے کسی رعایت کے مستحق نہیں ایسے سماج دشمن عناصر کے خلاف آپریشن بلاتفریق جاری وساری دن رات رہے گا۔

وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کے سرسبز پنجاب پروگرام کو پروان چڑھانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر احمد پور سیال محمد عرفان ہنجرا نے گڑھ موڑ پر پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کر دیا

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کے سرسبز پنجاب پروگرام کو پروان چڑھانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر احمد پور سیال محمد عرفان ہنجرا نے گڑھ موڑ پر پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کر دیا۔ اس موقع پر میونسپل کمیٹی گڑھ مہاراجہ کے چیف آفیسر میاں عرفان مہدی جنجیانہ، محکمہ جنگلات، محکمہ لائیو سٹاک کا عملہ اور میونسپل کمیٹی کے اہلکار بھی موجود تھے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر احمد۔ پور سیال محمد عرفان ہنجرا نے کہا کہ پودے ماحول کا حسن ہیں اور زمین کی خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پودوں کی حفاظت کرنا بھی ہم سب کی زمہ داری ہے جو دکانداران پودوں والی جگہ پر گندگی پھینکتے ہوئے پایا گیا اس کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی ریڑھی بان و دکاندار اپنا قبلہ درست کر لیں کسی سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی

ضلعی صدر جماعت الصالحین پاکستان اور سابق وائس چیئر مین بین المذاہب امن کمیٹی پنجاب ملک غلام جیلانی آڑھتی نے گورنمنٹ گریجویٹ کالج گڑھ مہاراجہ موڑ کا وزٹ کیا

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) ضلعی صدر جماعت الصالحین پاکستان اور سابق وائس چیئر مین بین المذاہب امن کمیٹی پنجاب ملک غلام جیلانی آڑھتی نے گورنمنٹ گریجویٹ کالج گڑھ مہاراجہ موڑ کا وزٹ کیا اور پرنسپل پروفیسر سید علی عباس شاہ اور سینئر لیکچرر محمد ناصر خان سے ملاقات کی۔ انہوں نے کالج کی لائبریری کا بھی وزٹ کیا اور لائبریری کے بہترین انتظامات پر کالج کی انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ گریجویٹ کالج گڑھ مہاراجہ موڑ تحصیل احمد پور سیال کا ایک مثالی ادارہ ہے جو خوبصورتی میں ہی اپنی مثال آپ نہیں ہے بلکہ نظم و ضبط اور تعلیمی معیار بھی بلند ہے جس کا سہرا پرنسپل پروفیسر سید علی عباس شاہ کے سر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پروفیسر علی عباس شاہ کی شبانہ روز محنت اور جانثاری کا نتیجہ ہے کہ بیاباں کا نمونہ پیش کرنے والا یہ کالج اب گلستان میں تبدیل ہو چکا ہے۔ تشنگان علم سازگار تعلیمی ماحول میں اپنی علمی پیاس بجھا رہے ہیں۔ انہوں نے کالج کی دن دوگنی رات چوگنی ترقی میں پروفیسر محمد ناصر خان کے کردار کو بھی سراہا۔

چشتیاں کے نواحی چک 209 مراد کے قریب ریت کے ٹیلوں پر مبینہ پولیس مقابلہ کے دوران زیر حراست بین اضلاعی ڈکیت گینگ کا سرغنہ شہریار عرف خضر حیات خضری اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا،

چشتیاں) تحصیل رپورٹر) چشتیاں کے نواحی چک 209 مراد کے قریب ریت کے ٹیلوں پر مبینہ پولیس مقابلہ کے دوران زیر حراست بین اضلاعی ڈکیت گینگ کا سرغنہ شہریار عرف خضر حیات خضری اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا، ملزم مذکور ملتان، خانیوال، بہاولپور، بہاولنگر کے مختلف علاقوں میں چوری، ڈکیتی، قتل سمیت اٹھائیس سے زائد مقدمات میں ملوث تھا۔ ڈاہرانوالہ پولیس کے مطابق زیر حراست بدنام زمانہ ملزم شہریار عرف خضر حیات خضری ولد محمد حنیف قوم انصاری سکنہ چک نمبر 208 مراد نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ اس نے ملزم عرفان وغیرہ کے ساتھ مل کر زمیندار خالد محمود گوندل کے گھر واردت کی تھی اور اس کے حصہ میں جو سامان آیا وہ اس نے 209 مراد کے ریت کے ٹیلوں میں جھاڑیوں کے اندر چھپا دیا تھا نشاندھی کر کے برآمد کروا دیتا ہوں، ملزم کے انکشاف پر پولیس پارٹی ملزم کو لے کر رات 11 بجکر 50 منٹ پر چک نمبر 209 مراد میں ریت کے ٹبوں میں پہنچی تو اسی دوران موٹر سائیکل 125 پر تین نامعلوم افراد وہاں پہنچ گئے اور انہوں للکارہ کہ خضر حیات ہم آپکی امداد کو آ گئے ہیں ہم آپکو چھڑا لیں گے اور انہوں نے پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی جس پر پولیس جوان اور ملزم زمین پر لیٹ گئے اور حفاظت خود اختیاری کے تحت پولیس نے بھی فائر کئے کہ اس موقع پر ملزم خضر حیات ہتھکڑی چھڑا کر اپنے ساتھیوں کی طرف بھاگا۔ فائرنگ کا سلسلہ رکا تو ملزم خضر حیات اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو کر ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق خضر حیات ملتان، حاصل پور، فورٹ عباس، شہر فرید، چھپ کلاں اور ڈاہرانوالہ میں چوری، ڈکیتی، قتل سمیت اٹھائیس سے زائد مقدمات میں ملوث تھا، ڈاہرانوالہ پولیس نے نامعلوم حملہ آور ملزمان کے خلاف زیر دفعہ 302/324/353/186/34 کے تحت مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

صوبائی محتسب پنجاب کی کوشش سے بیوہ کو چھ لاکھ روپے کا چیک مل گیا

قصور (بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) صوبائی محتسب پنجاب میجر ریٹائرڈ اعظم سلیمان کی کوشش کی وجہ سے ریجنل قصور صوبائی محتسب پنجاب کے ایڈوائزر نے ایک غریب عورت جس کا نام راخل بی بی ہے جس کا خاوند دوران سروس فوت ہو گیا تھا اور وہ فیکٹری میں ملازمت کرتا تھا۔ مذکورہ بی بی کو مبلغ چھ لاکھ روپے کا چیک پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ سے دلوایا ہے جس پر راخل بی بی نے صوبائی محتسب پنجاب میجر ریٹائرڈ اعظم سلیمان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے

سینئر پوسٹ ماسٹر ساہیوال خالد جیلانی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا، اس سے قبل وہ سینئر پوسٹ ماسٹر بہاول نگر تعینات تھے

ساہیوال (شاکر ہاشمی) سینئر پوسٹ ماسٹر ساہیوال خالد جیلانی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا، اس سے قبل وہ سینئر پوسٹ ماسٹر بہاول نگر تعینات تھے، جی پی او سٹاف نے انہیں خوش آمدید کہا۔ تفصیلات کے مطابق سینئر پوسٹ ماسٹر ساہیوال خالد جیلانی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے اور اپنے فرائض سرانجام دینا شروع کر دیے ہیں۔ اس سے قبل وہ سینئر پوسٹ ماسٹر بہاول نگر تعینات تھے۔ خالد جیلانی کا شمار محنتی اور ایماندار افسران میں ہوتا ہے۔ بہاولنگر تعیناتی سے قبل وہ ساہیوال میں اپنی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ جی پی او سٹاف نے خالد جیلانی کی تعیناتی کو خوش آئند قرار دیا اور انکا پرتپاک استقبال کیا۔

سرگودھا، میونسپل افسران عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ واجبات کی سو فیصد وصولی پر بھی خاص توجہ دیں

سرگودہا) بیورو چیف) سرگودھا، میونسپل افسران عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ واجبات کی سو فیصد وصولی پر بھی خاص توجہ دیں۔ کمشنر سرگودھا، تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن سرگودھا محمد اجمل بھٹی نے میونسپل افسران پر زور دیا ہے کہ وہ عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ واجبات کی سو فیصد وصولی پر بھی خاص توجہ دیں۔ انہوں نے ہدائت کی کہ سرکاری گرانٹ پر اکتفا کرنے کی بجائے ادارہ کی اپنی آمدن بڑھانے کی جامع منصوبہ بندی کی جائے۔ وہ جمعہ کے روز اپنے دفتر میں میونسپل افسران کے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ کمشنر نے جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ عوامی ضروریات کے مطابق نئے منصوبے تشکیل دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں میونسپل کارپوریشن کی آمدن میں اضافہ کے لیے کئی امور زیر بحث لائے گئے جس میں سیوریج، واٹر سپلائی کنکشن اور سائیکل اسٹینڈز وغیرہ آٹ سورس کرنے، ٹیکیسوں کی شرح میں ردوبدل کے علاوہ جمعہ و اتوار بازاروں کو ٹھیکہ پر دینا شامل تھا۔ کمشنر نے میونسپل افسران کو اجلاس میں پیش کردہ تجاویز کو حتمی شکل دے کر تین روز بعد دوبارہ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں کے باہر واقع سائیکل اسٹینڈز کو بھی ایم سی کے دائرہ اختیار میں لانے اور آٹ سورس کرنے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا۔

صوبے میں نہری نظام میں بہتری کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں گے، صوبائی وزیر آبپاشی پنجاب کاظم پیرزادہ

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) صوبائی وزیر آبپاشی پنجاب کاظم پیرزادہ نے کہا ہے کہ صوبے میں نہری نظام میں بہتری کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں گے پنجاب بھر میں ریسرچ اسٹیشنز اور بیراجوں کی استعداد کار میں اضافہ اور آبپاشی کے دیگر منصوبوں کی تکمیل سے زرعی شعبہ کی ترقی کے ساتھ ساتھ ملکی معیشت میں بھی بہتری آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نندی پور پاور پراجیکٹ کے دورہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سیکرٹری آبپاشی واصف خورشید، ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن محمد اصغر جوئیہ، ایڈیشنل سیکرٹری آپریشنز اینڈ بجٹ کاشف شمیم، چیف انجینئر ریسرچ سعید احمد، ڈائریکٹر آئی آر آئی حافظ عتیق الرحمنا یکسین نفیسہ جمیل۔ انچارج نندی پور اقبال احمد اور سینئر ریسرچ افسران بھی اس موقع پر موجود تھےصوبائی وزیر نے اپنے دورہ کے دوران چینلائزیشن کے لیے راوی اربن ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کے ماڈل اسٹڈیز دریائے سندھ کے ماڈل اسٹڈی دریائے راوی کے ماڈل اسٹڈی مہمند ڈیم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سپل وے ماڈل اسٹڈی تربیلا توسیعی پراجیکٹ کے ماڈل اور نندی پور کے میوزیم ہال کا معائنہ کیا۔ جہاں ماڈلز کی کہانیاں واٹر سیکٹر کے منصوبوں اور پنجاب بیراجوں کے پورٹریٹ بہت خوبصورتی سے سجائے گئے تھے۔ اس موقع پر چیف انجینئر سعید احمد نے صوبائی وزیر کو پانی کے شعبے کے منصوبوں کی تحقیق کی اہمیت اور جاری ماڈل اسٹڈیز دریائے راوی، سندھ اور چناب کے پانی سے متعلق مسائل کو کم کرنے کے جاری منصوبوں پر بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے تحقیقی سرگرمیاں اور تحقیقی اسٹیشن کو اپ گریڈ کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کے وژن کے مطابق ریسرچ سٹیشنز کی کارکردگی میں اضافہ کیلئے بھی اقدامات جاری رکھے جائیں بعد ازاں صوبائی وزیر کاظم پیرزادہ نے ریسرچ سٹیشن پر گووا اور کھجور کے پودے لگا کر شجر کاری مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شجر کاری وقت کی اہم ضرورت اور موسمیاتی تبدیلیوں) گلوبل وارمنگ (کے برے اثرات سے محفوظ بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر موسم بہار کی پلانٹ فارم پاکستان شجر کاری مہم کے تحت ملک کو سرسبز و شاداب بنانے کیلئے محکمہ کے زیر اہتمام موسم بہار میں 5 لاکھ پودے لگائے جائیں گے اور خود پودے لگانے کے ساتھ ساتھ معاشرے کے دیگر افراد کو بھی اپنے گھروں اور اردگرد کھلی جگہوں پر پودے لگانے کی ترغیب بھی دی جائے

ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ۔ تحصیل انتظامیہ نوشہرہ ورکاں کا رمضان المبارک میں ناجائز منافع خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ۔ تحصیل انتظامیہ نوشہرہ ورکاں کا رمضان المبارک میں ناجائز منافع خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری گوجرانوالہ: نوشہرہ ورکاں وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر رمضان میں عوام الناس کو ریلیف دینے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں نوشہرہ ورکاں یکم رمضان 12 مارچ سے اب تک 22 ہزار 148 چھاپہ مار کاروائیاں کی گئیں گوجرانوالہ ضلع بھر میں 447 خلاف ورزیوں پر 15 لاکھ 91 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ناجائز منافع خوروں کیخلاف اب تک 06 مقدمات درج کئے گئے ان کاروائیوں کے دوران 19 دوکانوں، جنرل و سپر سٹورز سیل کئے گئے ہیں ناجائز منافع خوری میں ملوث 81 افراد گرفتار کئے گیگو جرانوالہ ضلع بھر میں 18789 چھاپہ مار کاروائیاں کی گئیں دوکانداروں کو 10 لاکھ 07 ہزار سے زائد روپے جرمانہ عائد کیا گیا ناجائز منافع خوری میں ملوث متعدد افراد گرفتار کئے گئے اور مقدمات بھی درج کیے گیے ہیں ناجائز منافع خوری اور صارفین کے استحصال کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گوجرانوالہ: عوام الناس کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے رمضان بازاروں میں 25 سے 40 فیصد کم قیمت پر اشیا خورد و نوش فراہم کی جا رہی ہیں

گورنمنٹ گورونانک ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ننکانہ صاحب میں عالمی یوم جنگلات کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب (حکیم ریاض احمد) گورنمنٹ گورونانک ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ننکانہ صاحب میں عالمی یوم جنگلات کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ گورونانک ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ننکانہ صاحب میں عالمی یوم جنگلات کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران طالبات نیچارلس اور سائنسی ماڈلز کے ذریعے درخت لگانے کی ترغیب دلائی پرنسپل پروفیسر مسز آصفہ رشید نے درختوں کی ہمارے ماحول میں افادیت پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر گورنمنٹ گورونانک ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ننکانہ صاحب میں عالمی یوم جنگلات کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے جہاں طالبات نیچارلس اور سائنسی ماڈلز کے ذریعے درخت لگانے کی ترغیب دلائی ہیں درخت زندگی کی علامت ہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے درخت ہمیں آکسیجن مہیا کرتے ہیں اور درخت ماحولیاتی آلودگی کو کم کرتے ہیں درخت ملکی معیشت، انسانی صحت اور بیماریوں سے نجات کا بڑا ذریعہ ہیں، اس کرہ ارض پر رہنے کیلئے درخت نہایت ضروری ہیں آخر میں پرنسپل سٹاف اور طالبات نیشجر کاری میں بھرپور حصہ لیا اور اپنے اپنے حصے کا پودا لگایا

سانگلہ ہل مقدمہ کی رنجش پر داماد کی ساتھیوں ہمراہ سسرالیوں کے گھر پر فائرنگ 40 سالہ خاتون زخمی ملزم فرار پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) سانگلہ ہل مقدمہ کی رنجش پر داماد کی ساتھیوں ہمراہ سسرالیوں کے گھر پر فائرنگ 40 سالہ خاتون زخمی ملزم فرار پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ متاثرہ خاتون نے بتایا کہ میں نے اپنی بیٹی کی شادی قریبی گاں میں کی تھی کہ میرا داماد میری بیٹی پر ظلم اور تشدد کرتا تھا جس پر میں نے عدالت میں طلاق کا دعوی دائر کر دیا مقدمہ کی پیروی کرنے پر میرے داماد نے اپنے دو ساتھیوں کی ہمراہ میرے گھر آ کر فائرنگ کر دی جس کے باعث میں شدید زخمی ہو گی تھانہ صدر پولیس نے مقدمہ درج کر لیا مگر پولیس ملزمان کو گرفتار نہیں کر سکی متاثرہ خاتون نے ڈی پی او ننکانہ سے ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے

رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں مظلوم فلسطینیوں پر اسرائیلی جارحیت انتہائی قابل مذمت فعل ہے

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں مظلوم فلسطینیوں پر اسرائیلی جارحیت انتہائی قابل مذمت فعل ہے فلسطین کی صورتحال پر مسلم امہ کی بے حسی عالم اسلام کے لئے لمحہ فکریہ ہے فلسطین میں معصوم بچوں سمیت عام شہریوں کی ہر روز شہادت ہر انسانیت کے علمبرداروں کی خاموشی ظالم کی مدد کرنے کے مترادف ہے انسانیت کی خدمت کا دم بھرنے والی این جی اوز کی انڈر گراؤنڈ ہونا ایک سوالیہ نشان ہے جانوروں کے حقوق کی باتیں کرنے والوں کو غزہ میں کٹے اور جلے ہوئے انسانی جسم نظر کیوں نہیں آتے یہ باتیں صاحبزادہ مفتی نعیم اللہ نعیمی نے سرائے عالمگیر میں مرکزی جامع غوثیہ رضویہ مسجد میں جمعۃ المبارک کے روح پرور اجتماع سے خطاب کرتے کہیں انہوں نے کہا حکمرانوں کی طرف سے فلسطینیوں کے حق اور اسرائیلی مظالم کے خلاف کہیں سے بھی اظہار خیال نہ ہونا 24 کروڑ عوام کی توہین ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر فلسطین کے مظلوم شہریوں کی عملی مدد اور بیت المقدس کی حفاظت کے لیے اقدامات اٹھائے۔

ممبر صوبائی اسمبلی آشفہ ریاض فتیانہ کی جانب سے پنجاب اسمبلی میں دو تحریک التوا کار جمع کروا دیں

کمالیہ) نامہ نگار) ممبر صوبائی اسمبلی آشفہ ریاض فتیانہ کی جانب سے پنجاب اسمبلی میں دو تحریک التوا کار جمع کروا دیں، تفصیلات کے مطابق حلقہ کمالیہ سے منتخب ایم پی اے آشفہ ریاض فتیانہ نے گذشتہ روز پنجاب اسمبلی میں دو تحریک التوا جمع کروائیں جن میں کمالیہ ایکسپریس ہائی وے) چیچہ وطنی سے لعیہ براستہ کمالیہ، پیر محل (کے پی ٹی آئی حکومت کے منظور شدہ منصوبہ پر فوری کام شروع کرنے اور کمالیہ کی چار دیہی سول ڈسپنسریوں میں ڈاکٹرز کی آسامیاں ختم کرنے کے افسوسناک متنازعہ فیصلہ کو واپس لینے کے مطالبات کئے گئے ہیں، اس حوالہ سے انہوں نے موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ جات چونکہ انتہائی اہمیت کے حامل معاملات ہیں لہٰذا اسمبلی کی کاروائی روک کر ان پر ایوان میں بحث کی جائے۔ اور ان عوامی فلاحی منصوبوں کو فوری شروع کر کے مکمل کیا جائے

آر پی او فیصل آباد نے فرائض میں غفلت برتنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر ابتسام الحق، اے ایس آئی نوید شہزاد اور کانسٹیبل یحیی احسان کو معطل کر دیا

کمالیہ) نامہ نگار) تھانہ صدر کے ایس ایچ او سمیت تین اہلکار معطل تفصیلات کے مطابق آر پی او فیصل آباد نے فرائض میں غفلت برتنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر ابتسام الحق، اے ایس آئی نوید شہزاد اور کانسٹیبل یحیی احسان کو معطل کر کے انکوائری کی جا رہی ہے دوسری جانب ذرائع کا کہنا ہے کہ مذکورہ اہلکاروں کے خلاف مبینہ طور پر لاکھوں روپے رشوت لینے کے معاملہ کی چھان بین کی جا رہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت تحصیل پتوکی میں سپیشل پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس

قصور (ڈسٹرکٹ رپورٹر انیس) ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت تحصیل پتوکی میں سپیشل پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر قصور رضوان الحق پوری، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر محمد طلحہ خان شیروانی، ڈی ایچ او پروینٹو سروسز ڈاکٹر فاروق احمد، ڈی ایچ او میڈیکل سروسز ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن، پروگرام ڈائریکٹر ڈاکٹر امتیاز احمد اولکھ، ڈبلیو ایچ او کے نمائندے، فوکل پرسن محمد رمضان شاہد ڈپٹی ڈی ایچ او سمیت تمام متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ صرف تحصیل پتوکی میں سپیشل پولیو مہم 25 تا 29 مارچ تک منعقد ہو رہی ہے۔ جس کیلئے مربوط لائحہ عمل تشکیل دیدیا گیا ہے تا کہ کوئی بھی بچہ پولیو قطرے پینے سے محروم نہ رہ سکے اور اس سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کر لئے گیے ہیں۔ سپیشل مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر 2 لاکھ 3 ہزار 143 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائینگے۔ مہم کی کامیابی کیلئے 8 4 8 7 موبائل ٹیمیں، 7 3 فیکسڈ ٹیمیں، 18 ٹرانزٹ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں تا ہم 34 یو سی ایم اوز اور 162 ایریا انچارجز تعینات کئے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی نے محکمہ ہیلتھ کے افسران کو ہدایت کی کہ تحصیل پتوکی میں سپیشل پولیو مہم کی کامیابی کیلئے تمام تر اقدامات کو بروئے کار لائیں۔ متعلقہ افسران پولیو مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور تمام علاقوں میں ٹیمز کی پہنچ کو ممکن بنائیں اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی سستی کو برداشت نہیں کیا جائیگا

ضلع بہاولنگر کی پانچ تحصیلوں میں 50 پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے یکم مارچ سے 21 مارچ 2024 تک 30 ہزار 136 انسپیکشنز کرتے ہوئے 5974

چشتیاں) چوہدری عثمان) ڈپٹی کمشنر بہاولنگر ذوالفقار احمد نے کہا ہے کہ ضلع بہاولنگر کی پانچ تحصیلوں میں 50 پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے یکم مارچ سے 21 مارچ 2024 تک 30 ہزار 136 انسپیکشنز کرتے ہوئے 5974 ناجائز منافع خوروں کو مجموعی طور پر 33 لاکھ 82 ہزار 100 روپے جرمانہ کیا اور 426 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ 73 کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدمات درج کرائے گئے ہیں، انہوں نے اپنے دفتر میں اجلاس کے دوران مزید کہا کہ ناجائز منافع خوری کے علاوہ ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹی اشیا بیچنے والوں کیخلاف بھی کاروائیاں کی جاری ہیں۔ ہر پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی کارکردگی کا علیحدہ علیحدہ ڈیش بورڈ بنوا کر فیلڈ کاروائیوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد نے کہا ہے کہ آغوش پروگرام کیتحت ضلع میں حاملہ اور 2 سال سے کم عمر بچوں کی مائیں قریبی بنیادی یا دیہی مرکز صحت پر آغوش پروگرام میں رجسٹریشن کرا کر 23 ہزار روپے تک کی رقم مرحلہ وار حاصل کر سکتی ہیں - آغوش پروگرام سے رجسٹرڈ خواتین کو رقم ہسپتالوں میں قائم خصوصی کیمپس پر بھی ادا کی جا رہی ہے۔ انہوں نے پنجاب ہیومن کیپٹل انویسٹمنٹ پراجیکٹ کیآ غوش اور بنیاد پروگرامز کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس میں کہا کہ پنجاب ہیومن کیپٹل انویسٹمنٹ پراجیکٹ کے آغوش پروگرام کے تحت ضلع میں خواتین کی بہتر صحت کیلئے مراکز صحت کی سہولتوں میں اضافہ کیا گیا ہے، بنیاد پروگرام کے تحت بچوں کو سرکاری سکولز میں ارلی چائلڈ ہڈ کیئر اینڈ ایجوکیشن کی سہولت بھی دی جا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلع بھر کے شہری اور دیہی علاقوں میں "ستھرا پنجاب مہم " کے تحت صفائی آپریشن کامیابی سے جاری ہیاور بلدیاتی اداروں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ صفائی ستھرائی کی صورت حال میں نمایاں بہتری لائی جائے۔ بلدیاتی اداروں کو بھرپور محنت کرنا ہوگی۔ وال چاکنگ اور تجاوزات کے خلاف بھی سخت کارروائی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ خود فیلڈ میں رہ کر صفائی مہم کی نگرانی کریں۔

یونیورسٹی آف سرگودھا میں جنگلات کے عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی واک، سیمینار اور شجر کاری کا اہتمام کیا گیا

سرگودھا) رانا اسلم شاہین سے) یونیورسٹی آف سرگودھا میں جنگلات کے عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی واک، سیمینار اور شجر کاری کا اہتمام کیا گیا جس کے ذریعے نوجوان نسل کو جنگلات کی اہمیت کے بارے میں آگاہی دیتے ہوئے انہیں شجر کاری کو فروغ دینے کی تقریب دی گئی۔ یہ تقریبات زرعی کالج کے ڈیپارٹمنٹ آف فاریسٹری، گرین یوتھ موومنٹ کلب اور محکمہ جنگلات پنجاب کے اشتراک سے منعقد کی گئی ہیں۔ پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر میاں غلام یاسین نے پودا لگا کر تقریبات کا آغاز کیا جبکہ ان کی قیادت میں آگاہی واک کا بھی انعقاد کیا گیا۔ لائبریری چوک سے شروع ہونے والی واک نون بزنس سکول کے پاس جا کر اختتام پزیر ہوئی۔ واک میں طلبا و طالبات نے درختوں کے کٹا کو روکنے، شجر کاری کو فروغ دینے اور درختوں سے محبت کرنے سے متعلق پوسٹر لہرا کر شعور اجاگر کیا۔ اس موقع پر ماحول دوستی کو فروغ دیتے ہوئے محکمہ جنگلات پنجاب نے طلبہ میں مفت پودے بھی تقسیم کیے۔ علاوہ ازیں شعبہ فاریسٹری کی جانب بہتر دنیا کی تشکیل کیلئے جدید بنیادوں پر جنگلات کا فروغ کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر میاں غلام یاسین بطور مہمانِ خصوصی شریک ہوئے، سیمینار میں سینئر ڈائریکٹر ورلڈ وائلڈ لائف فنڈ، پاکستان ڈاکٹر مسعود ارشد، ڈائریکٹر پنجاب فاریسٹری ریسرچ انسٹیٹیوٹ فیصل آباد نگہت منصور چغتائی، کنزرویٹر پنجاب فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ ساجد قدوس اعوان، ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر اطہر ندیم، پرنسپل زرعی کالج پروفیسر ڈاکٹر ظفر حیات، چیئر پرسن شعبہ فاریسٹری ڈاکٹر محمد عرفان اشرف و دیگر فیکلٹی و سٹاف ممبران، پنجاب فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ سرگودھا ریجن کے عہدے داران اور طلبا و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر میاں غلام یاسین نے کہا کہ گلوبل وارمنگ کی وجہ سے پاکستان سمیت پوری دنیا کو بدترین ماحولیاتی تبدیلیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جس کی سب سے بڑی وجہ جنگلات میں بتدریج کمی ہے،

بقیہ بقیہ جات 1

پاور پراجیکٹ لگانے جا رہے ہیں، پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے متاثرہ ممالک میں شامل ہے، موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے متبادل توانائی کے ذرائع وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو گزشتہ سالوں میں آنے والے سیلابوں سے بے پناہ نقصان ہوا، ہائیڈرو پاور کے بعد سب سے زیادہ اہمیت اس وقت جوہری توانائی کی ہے، جوہری توانائی اس وقت محفوظ اور معاشی لحاظ سے بہتر ہے، جوہری توانائی منصوبے اس وقت مہنگے ہیں تو ترقی یافتہ ممالک اور عالمی مالیاتی اداروں کو اس میں فنانسنگ کرنا چاہیے۔ اسحاق ڈار کا مزید کہنا تھا کہ مالیاتی اداروں کی مدد سے ترقی پذیر ممالک کو بھی اس توانائی سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملنا چاہیے، سمٹ کے دوران چین کے نائب وزیراعظم سمیت مختلف ممالک کے رہنماؤں سے ملاقات ہوئی، کم وقت کے باوجود ہم نے پاکستان کا موقف بہت احسن انداز میں عالمی فورم کے سامنے پیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 2

سلامی دی جائے گی۔ دن کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد ملک وقوم کی سلامتی، خوشحالی کی دعاؤں سے ہوگا جبکہ تحریک پاکستان کے رہنماؤں اور تقسیم برصغیر کی جدوجہد کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے اسلاف کی آخری آرام گاہوں پر پھولوں کی چادریں چڑھائی جائیں گی اور فاتحہ خوانی کی جائے گی۔ اسلام آباد میں شکرپڑیاں کی گراؤنڈ میں مسلح افواج کی طرف سے شاندار پریڈ کا انعقاد کیا جائے گا جس میں پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج، فرنٹیئر کور، ناردرن لائٹ انفنٹری اور تینوں مسلح افواج کے سپیشل سروس گروپ اور کیمل بینڈ پریڈ میں حصہ لیں گے۔ ایئر فورس کے طیارے فضائی مظاہرہ پیش کریں گے، پاک فضائیہ کے بیڑے میں شامل لڑاکا طیارے فضائی کرتب دکھائیں گے۔ پریڈ میں مختلف ثقافتوں کے رنگ نمایاں کرنے کے لئے فلوٹس بھی حصہ لیں گے۔ اس دن کی مناسبت سے پاکستان ٹیلی وژن سمیت نجی ٹی وی چینلز پر خصوصی پروگرام نشر کئے جائیں گے۔ ریڈیو پاکستان کے تمام اسٹیشنوں نے یوم پاکستان کیلئے خصوصی پروگرام تیار کئے ہیں جس کا مقصد 1940 میں منظور کی جانے والی قرار داد لاہور کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے جس سے قیام پاکستان کی راہ ہموار ہوئی۔ اسلام آباد پریڈ گراؤنڈ سے یوم پاکستان کی مناسبت سے مسلح افواج کی پریڈ کا آنکھوں دیکھا حال براہ راست نشر کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 3

درخواستیں مالی سال 25-2024 کی ریونیو ضروریات کی مد میں دائر کی گئیں، گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی (گیپکو) جانب سے 376 ارب، ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے 160 ارب روپے، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے 236 ارب وصول کرنے کے لیے درخواست دی ہے۔ اسی طرح ٹرائبل ایریا الیکٹرک سپلائی کمپنی (ٹیسکو) نے 92 ارب روپے، پشاور الیکٹرک سپلائی کمپنی (پیسکو) نے 67 ارب روپے اور سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) نے 35 ارب 70 کروڑ روپے وصولی کے لیے درخواست دائر کی ہے۔ واضح رہے کہ 19 مارچ کو بجلی کی قیمت میں 4 روپے 99 پیسے فی یونٹ مزید اضافے کی درخواست جمع کرائی گئی تھیں۔ بجلی کی قیمت میں اضافے کی درخواست سینٹرل پاور پرچیزنگ اتھارٹی (سی پی اے) کی جانب سے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں جمع کرائی گئی تھی، نیپرا بجلی مہنگی کرنے کی درخواست پر 28 مارچ کو سماعت کرے گا۔

بعدالت جناب یسرا اقبال صاحبہ سول۔فیملی جج سرگودھا

عنوان مقدمہ:۔ نوشین سلیم وغیرہ بنام محمد کاشف دعوی تنسیخ نکاح وغیرہ اشتہار بنام محمد کاشف ولد محمد اسحاق سکنہ مکان نمبر 588 بلاک c ظفر کالونی سرگودھا ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 25-03-2024 اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا گیا

بعدالت جناب سیدہ مہ پارہ وجاہت صاحبہ سول وفیملی جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

دعوی تنسیخ نکاح

بعنوان شمائلہ جمیل بنام محمد روف اخبار اشتہار بنام

محمد روف ولد محمد صدیق ساکن مکان نمبر 10 گلی نمبر 5 محلہ جھگیاں شہاب دین بند روڈ لاہور، ہرگاہ دعوی عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 30-03-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

(مہر عدالت)(دستخط حاکم)

روزنامہ مسافت

بعدالت جناب فیض اللہ جسراء صاحب گارڈین جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

درخواست زیر دفعہ 7 اینڈ 25 گارڈینڈ اینڈ وارڈ ایکٹ

بعنوان محمد Arshsad بنام سائرہ نصیر وغیرہ اخبار اشتہار بنام

مسئول علیہم، سائرہ نصیر زوجہ محمد رمضان ساکن مرزا پور تحصیل وضلع ننکانہ صاحب، محمد نصیر ولد علی محمد ساکن آصفہ آباد شرقپور خورد، کوٹ عبدالمالک تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، علی حسن، نور حسن پسران محمد ارشد ساکن شرقپور خورد تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 28-03-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

(مہر عدالت)(دستخط حاکم)

روزنامہ مسافت

بعدالت جناب اسماء رشید صاحبہ سول جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

دعوی حکم امتناعی

بعنوان محمد عباس بنام رمضان بی بی وغیرہ اخبار اشتہار بنام

رمضان بی بی زوجہ عمر حیات، انجم عمر حیات، سکینہ بی بی، ناصرہ بی بی، سمیرا بی بی، محمد شفیق، صابر حسین پسران ودختران عمر حیات، محمد احمد ولد محمد رفیق ساکنان نظام پورہ ڈھاکہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، ہرگاہ دعوی عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 25-03-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

(مہر عدالت)(دستخط حاکم)

روزنامہ مسافت

بقیہ بقیہ جات 4

درخواستوں کی مخالفت کی۔ درخواست گزار نے اپیل میں موقف اپنایا تھا کہ پارلیمنٹ نے تاحیات نااہلی کے قانون کو 5 سال کر کے ترمیم کی، رولز کے مطابق تاحیات نااہلی کے قانون میں پارلیمنٹ مخصوص ممبران کے ذریعے ترمیم نہیں کر سکتی۔ درخواست گزار نے عدالت سے استدعا کی تھی کہ عدالت 5 سال نااہلی کی مدت مقرر کرنے کے قانون کو کالعدم قرار دے۔ جسٹس شاہد بلال حسن نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے تاحیات نااہلی کی مدت 5 سال کرنے کے خلاف درخواست خارج کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 5

پر ایف آئی اے، پنجاب پولیس اور اینٹی کرپشن سے حتمی رپورٹ طلب کرلی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شہرام سرور چوہدری نے عمران ریاض کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ عمران ریاض کے خلاف درج مقدمات اور انکوائریوں کا مکمل ریکارڈ پیش نہیں کیا گیا۔ عمران ریاض کیخلاف درج 9 مقدمات کا ریکارڈ عدالت میں پیش کیا گیا، جس مقدمے میں گرفتار کیا گیا اس کا رپورٹ میں ذکر نہیں۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری نے ایف آئی اے، پنجاب پولیس اور اینٹی کرپشن سے آئندہ سماعت پر رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 6

بیانات سے آگے نکل گئی ہے۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ ایک جماعت نے افغانستان میں پاکستان کی کارروائی کی مذمت کی، انہوں نے ہمیشہ پاکستان دشمنی کے حق میں بیان دیا ہے، سائفر کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ سائفر کی جو فلم ہے وہ ختم ہوگئی ہے یہ بس ریمیک لانا چاہتے ہیں، یہ جب وہاں جاتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہمیں اسٹیبلشمنٹ نے نکالا یہاں کہتے ہیں کہ امریکا نے نکالا تھا۔ فیصل کنڈی نے کہا کہ 5 فرنچائز ہیں پی ٹی آئی کے، ان کا ہر وکیل اپنا بیان دیتا ہے، انہوں نے ہمیشہ جھوٹ کا سہارا لے کر کام کیا، اب الیکشن ختم ہوگیا ہے، جس کو تحفظات ہیں وہ ثبوت اکٹھے کریں اور متعلقہ فورمز پر جائیں۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ الیکشن میں حکومتی اتحاد کامیاب ہوگا۔ وزیر اعلی کے رشوت مانگنے پر اینٹ مارنے کے بیان پر رد عمل دیتے ہوئے فیصل کریم نے کہا کہ اگر آپ رشوت مانگیں گیں تو پورا ٹرک لانا پڑے گا کیونکہ جس طرح آپ نے سیاست کا آغاز وزیر اعلی بنے وہ سب کو پتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

ایس پی راجہ عرفان سلیم کو تمغہ امتیاز دینے کا فیصلہ کرلیا۔ ایس ایس پی راجہ عرفان سلیم نے برٹش فیملیز لوٹنے والے خطرناک گروہ کو پکڑا تھا۔ میرپور سے اغوا ہوئے برٹش کشمیری صابر مغل سے برطانیہ میں 2 لاکھ 23 ہزار پونڈ تاوان وصول کیا گیا تھا۔ عرفان سلیم نے نہ صرف ملزمان گرفتار کیے بلکہ برطانیہ جا کر برطانوی پولیس کی مدد سے تاوان کی رقم بھی برآمد کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 8

تیسری بار تبادلہ کر دیا گیا۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق گزشتہ روز کاظم جتوئی کو سیکرٹری محکمہ توانائی لگایا گیا۔ پہلے کاظم جتوئی کو محکمہ خزانہ سے ہٹا کر محکمہ آبپاشی لگایا گیا تھا، بعد میں انہیں محکمہ آبپاشی سے ہٹا کر محکمہ سروسز میں تعینات کیا گیا۔ ایک اور سرکاری افسر بدر جمیل میندھرو کو پہلے محکمہ کوآپریشن اور پھر دو ہفتے میں سیکرٹری جنگلات تعینات کیا گیا۔ دوسری جانب سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے تین گھنٹے میں دو ڈی جی تبدیل کردیے گئے، ڈی جی ایس بی سی اے کی بار بار تبدیلی سے محکمے کے افسران بھی پریشان ہوگئے۔ پہلے یاسین شر بلوچ کو ڈی جی ایس بی سی اے تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا اور پھر تین گھنٹے بعد یاسین شر کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن واپس لے کر نیا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نئے نوٹیفکیشن میں 21 گریڈ کے افسر عبدالرشید سولنگی کو نیا ڈی جی ایس بی سی اے تعینات کر دیا گیا، اس حوالے سے محکمہ سروسز جنرل اینڈ ایڈمنسٹریشن نے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، عبد الرشید سولنگی سیکرٹری انڈسٹریز کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔ پہلے سے تعینات ڈی جی ایس بی سی اے اسحاق کھوڑو کو سروسز اینڈ ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

کی دوبارہ گنتی میں مسلم لیگ ن کے امیدوار عبدالرحمن خان کانجو کامیاب ہوئے۔ الیکشن کمیشن نے آزاد امیدوار رانا فراز نون کی کامیابی کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا۔ الیکشن کمیشن نے این اے 154 لودھراں سے ن لیگ کے امیدوار عبدالرحمن خان کانجو کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق الیکشن کمیشن کے حکم پر این اے 154 میں ووٹوں کی دوبارہ گنتی کی گئی، دوبارہ گنتی میں عبدالرحمن کانجو کامیاب ہوگئے۔

اطلاع عام

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی ابوبکر جو کہ فرم ہذا (M/s Sab Apparel) میں حصہ دار تھے۔ مورخہ 28 اکتوبر 2023 سے فرم ہذا میں اس کا نام ابوبکر سے تبدیل کرکے ابوبکر وحید کردیا گیا ہے۔ اور ان کا ایڈریس ہاس نمبر 70 محلہ B بلاک مارکیٹ کوارٹرز ماڈل ٹاؤن لاہور سے تبدیل کرکے فیز 05 ڈیفنس ہاسنگ سوسائٹی ہاس نمبر 105 Block-K لاہور کر دیا گیا ہے اعتراضات کی صورت میں رجسٹرار آفس سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

درخواست بمراد اجازت فروختگی اراضی ملکیتی نابالغان عنوان درخواست۔ شازیہ جبیں بیوہ ندیم اختر ذات میو ساکن پڑھانہ چک نمبر 45 تحصیل پتوکی ضلع قصور (سائلہ) بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ عوام الناس میں سے اگر کسی کو کوئی عذر یا شکایت نسبت درخواست عنوان بالا ہو تو وہ بتقرر 27-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب چوہدری محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار شورکوٹ

عنوان مقدمہ: ممتاز حسین بنام غلام عباس وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 140/125 چک نمبر 496 ج ب تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام غلام عباس ولد وریام قوم جٹ نوناری۔ محمد فیصل سلیم ولد محمد سلیم انجم قوم جٹ سیال سکنہ چک نمبر 496 تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ شاہد نواز ولد محمد نواز قوم امرانہ سیال۔ نور احمد ولد گلاب خان قوم جٹ سندھیلہ۔ پروین بی بی دختر غلام قادر۔ اختر عباس ولد وریام۔ حمیداں بی بی بیوہ مراد علی قوم آرائیں۔ وقار احمد ولد نور احمد قوم سندھیلہ۔ محمد وسیم انجم ولد سلیم انجم۔ محمد صدیق ولد محمد خان۔ عامر علی ولد محمد رشید اقوام سیال نہرانہ۔ ممتاز بی بی بیوہ شیر بہادر خان قوم راجپوت۔ مجاہد حسین ولد شیر بہادر کاٹھیہ۔ شہناز دختر مریم بی بی زوجہ محمد ارشد۔ مسرت نواز دختر مریم بی بی زوجہ اختر عباس اقوام نہرانہ سیال۔ محمد شاہد، آسیہ بی بی، سعدیہ بی بی، رابعہ بی بی، نادیہ بی بی، نازیہ بی بی پسرو دختران شیر بہادر قوم راجپوت کاٹھیہ سکنائے چک نمبر 496 ج ب تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 25.03.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بقیہ بقیہ جات 10

ووٹوں سے منظور کرلی۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فارن افیئرز کمیٹی میں منظور ہونے والی قرارداد پاکستان میں جمہوریت اور شفاف انتخابات کیلئے حمایت ظاہر کرتی ہے جو عوام کی مرضی کی عکاسی کرتی ہوں

بقیہ بقیہ جات 11

عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سپاہی بہار خان اور عمران علی گوادر پورٹ اتھارٹی کالونی میں دہشت گرد حملے میں شہید ہوئے تھے۔ شہدا کو مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ ان کے آبائی علاقوں میں سپرد خاک کیا گیا ہے۔ سپاہی بہار خان کو ڈیرہ غازی خان جبکہ سپاہی عمران علی کو خیر پور میں سپرد خاک کیا گیا۔ شہدا کی نماز جنازہ میں عزیز واقارب، پاک فوج کے جوانوں اور علاقے کے عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس حوالے سے پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج قوم کے شانہ بشانہ کھڑی ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کی امن واستحکام سبوتاژ کرنے کی تمام کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ہمارے بہادر بیٹوں کی یہ قربانیاں دہشت گردی کی لعنت کے خلاف لڑنے کے ہمارے عزم کو مضبوط کرتی ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مادر وطن سے دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 12

اسد مجید نے تصدیق کی تھی، اسد مجید کو بلا کر پوچھا جائے کہ بات چیت نہیں ہوئی تو سائفر کس نے بھیجا، ڈونلڈ لو سچ اگر بول رہے ہیں تو سائفر تھا کیا؟ علی امین گنڈاپور کا مزید کہنا تھا سائفر اگر تھا ہی نہیں تو بانی پی ٹی آئی کو سزا کیوں دی گئی، ملک کے اندر کسی کی مداخلت برداشت نہیں کریں گے، ملک کے ساتھ جو تجربہ کیا گیا اس نے عوام کو نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کبھی ڈیل نہیں کریں گے البتہ انہوں نے ہمیشہ کہا کہ پاکستان کے لیے وہ بات چیت کیلئے تیار ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں عوام کے مسائل حل کررہے ہیں، وفاق نے پیسے دینے ہیں، یہ خیبر پختونخوا کا حق ہے۔ وزیراعلی خیبر پختونخوا کا کہنا تھا میں ووٹ چوری کر کے حکومت بنی عوام نے انہیں ووٹ نہیں دیا، الیکشن میں تاریخ کی بدترین دھاندلی ہوئی، پی ٹی آئی کی 180 سیٹیں چوری ہوئیں، عوام کی سپورٹ حکومت کے ساتھ نہیں ہے یہ کیا ڈیلیور کریں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کے دوران فارم 45 اور فارم 47 پر گفتگو سے متعلق سوال پر علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا وزیراعظم خود فارم 47 والے ہیں، میں ان سے کیا بات کروں۔

بقیہ بقیہ جات 13

الیکشن کمیشن نے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد فہرست جاری کردی جس کے مطابق این اے 119 اور پی پی 164 سے امیدوار پی ٹی آئی کے رہنما حماد اظہر کے کاغذات نامزدگی مسترد کردیئے گئے

بقیہ بقیہ جات 14

مقدمے میں قیصرہ الٰہی، راسخ الٰہی اور زارا الٰہی کی عبوری ضمانتیں کنفرم ہوگئیں۔ اینٹی کرپشن عدالت لاہور نے 5، 5 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت کنفرم کی اس حوالے سے اینٹی کرپشن عدالت کے جج صفدر حسین بھٹی نے محفوظ فیصلہ سنایا۔

بقیہ بقیہ جات 15

ملک کے کونے کونے تک پہنچاتا ہے۔ وہ جمعہ کو پی بی سی کے دفتر کے دورے کے موقع پر خطاب کر رہی تھیں

بقیہ بقیہ جات 16

تک خصوصی کمیٹی قائم کر دی گئی۔ 12 رکنی کمیٹی میں حکومت اور حزب اختلاف کے اراکین شامل ہیں۔ جس میں خرم خان ورک، خالد محمود رانجھا، منور حسین، محمد ارشد ملک، اسامہ لغاری، بلال یاسین، مرتضی اقبال، علی رضا خان خاکوانی اور قاسم ندیم، حسن ذکا، سارہ احمد اور سلمی بٹ کو نامزد کیا گیا ہے۔ کمیٹی قائمہ کمیٹیوں کی تشکیل تک قانون سازی کیلئے آنے والے آرڈیننسز اور دیگر ریفر ہونے والے معاملات کو دیکھے گی۔

بقیہ بقیہ جات 17

خطاب کر رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ عوام کو مختلف مسائل درپیش ہیں تاہم وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں انشا اللہ ملک کے حالات میں نمایاں بہتری دیکھی جاسکے گی۔ انہوں نے کہا کہ انشا اللہ شہباز شریف کی قیادت میں ایک مرتبہ پھر ملک ترقی کی جانب گامزن ہوگا۔

بعدالت جناب امانت علی صاحب جج فیملی کورٹ ملکوال

دعوی تنسیخ نکاح بربنائے خلع بعنوان فرزہ بتول بنام عقیل عباس ولد فیاض الحسن شاہ قوم سید سکنہ آلو بہار تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 26-03-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب احسان اللہ چوہدری صاحب سول جج پھالیہ

دعوی استقرار حق وحکم امتناعی دوامی فیاض احمد بنام سیف اللہ ولد اللہ دتہ ساکن کٹھالہ چناب تحصیل ضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 25-03-2024 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب موضع چک نمبر 42 گ ب تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد

عنوان تصدیق شجرہ متوفی محمد انور خاں ولد مبارک علی قوم راجپوت ساکن موضع لکھن کے تحصیل پتوکی ضلع قصور ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد انور جو کہ مرحنہ 16-12-2023 کو لاولد قضائے الٰہی سے فوت ہوگیا تھا کی ملکیتی اراضی واقع موضع چک نمبر 42 گ ب لوپوکی تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد کی نسبت رانا ابرار علی بھتیجا متوفی نے درخواست انتقال وراثت متوفی گزاری ہے متوفی کے شرعی وارثان کی تصدیق ہونا ابھی باقی ہے۔ بمطابق شجرہ نسب متوفی کے شرعی وقانونی وارثان میں رانا ذوالفقار علی، افتخار علی، رانا ابرار علی پسران رانا محمد اسلم متوفی برادر متوفی بطور بھتیجگان، شازیہ اشرف، نسیم اشرف، پروین خرم دختران رانا محمد اشرف متوفی برادر متوفی بھتیجیاں متوفی کو زندہ ظاہر کیا گیا ہے۔ جبکہ بمطابق شجرہ نسب متوفی کے والد مبارک علی، والدہ متوفی مبارک بی بی، زوجہ متوفی مقبول بی بی، رانا محمد اسلم، رانا محمد اکرم، رانا محمد اشرف برادران متوفی کو متوفی سے قبل ازیں فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر کسی کو نسبت وارثان متذکرہ بالا پر اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت اندر 7 یوم عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔ بصورت دیگر انتقال وراثت بحق وارثان ظاہر کردہ تصدیق کر دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 18

پر آگئی۔ پاکستان ادارہ شماریات کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق قلیل مدتی مہنگائی میں گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں بھی 1.13 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ حساس قیمت انڈیکس میں 17 شہروں کی 50 منڈیوں سے 51 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا جائزہ لیا جاتا ہے

بقیہ بقیہ جات 19

علی شاہ سے امریکا کے قونصل جنرل کونراڈ ٹربل نے ملاقات کی

بقیہ بقیہ جات 20

اڈیالہ جیل نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے غیر مشروط معافی مانگ لی ہے۔ مجلس وحدت المسلمین کے سربراہ علامہ ناصر عباس، رہنما پاکستان تحریک انصاف شہریار آفریدی، شاندانہ گلزار اور فردوس شمیم نقوی کی عمران خان سے ملاقات نا کروانے پر سپرنٹنڈنٹ کے خلاف توہین عدالت کیس کی سماعت جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے کی۔ سماعت کے دوران سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے تحریری جواب جمع کروا دیا، تاہم عدالت نے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کے جواب پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر عدالت نے ریمارکس دیے کہ آپ نے عدالتی حکم پر عمل نہ کرنے کے اپنے اقدام کا جواز پیش کرنے کی کوشش کی ہے، آئندہ سماعت پر اس متعلق عدالت کو مطمئن کریں۔ بعد ازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے 26 مارچ کو درخواست گزاروں کی عمران خان سے ملاقات کرانے کا حکم دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 21

کا انکشاف ہوا ہے۔ کراچی گیٹ وے ٹرمینل لمیٹڈ میں ابوظہبی نے بھاری سرمایہ کاری کی ہے۔ ٹرمینل بنانے کے منصوبے میں ریلوے کو آن بورڈ نہیں لیا گیا

بقیہ بقیہ جات 22

صاحبزادہ اسد اللہ پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس شکیل احمد نے ریمارکس دیے کہ قانون کی بالادستی ہونی چاہیے، سیاسی معاملات پر سیاست ہونی چاہیے، افسوس ہو رہا ہے کہ ہم کہاں پر ہیں اور ہمارے پڑوسی کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت کا حال کیا ہے؟ عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کی شرائط دیکھیں تو مزید سختیاں آنے والی ہیں، ایک جماعت جب حکومت میں ہوتی ہے تو رویہ الگ ہوتا ہے اور دوسری جانب ان کے جاتے ہی رویہ تبدیل ہو جاتا ہے۔ جسٹس شکیل احمد نے کہا کہ ان مخصوص نشستوں پر تو لارجر بینچ فیصلہ کر چکا ہے۔ اس پر درخواستگزار ارشاد یہ طہماس کے وکیل نے دلائل دیے کہ گورنر نے آرٹیکل 109 کا اختیار استعمال کر کے حلف کے لیے اسمبلی اجلاس طلب کیا ہے۔ اس پر جسٹس شکیل احمد نے دریافت کیا کہ کیا آج اجلاس نہیں ہو رہا ہے؟ وکیل نے بتایا کہ اسمبلی کی پریس ریلیز آئی ہے کہ آج اجلاس نہیں ہو رہا ہے۔ بعد ازاں عدالت نے کیس کی سماعت 26 مارچ تک سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 23

مبارکباد دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے عوام تک صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کا ٹاسک دیا ہے۔ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں کے حالات بہتر کرنا اولین ترجیح ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ عوام نے اعتماد کیا ہے ان کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔ مسلم لیگ (ن) کی حکومت خالی نعرے نہیں بلکہ عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں کے بہت سے معاملات درست کرنے والے ہیں۔ نظام صحت کی بہتری کیلئے اصلاحات لا رہے ہیں۔ نظام صحت میں بہتری کیلئے اگلے پانچ سال کا پلان وزیراعلی مریم نواز شریف کو پیش کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

قانون سازی ہو چکی ہے۔ وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک نے ایک انٹرویو میں کہا کہ نقصان میں چلنے والے اداروں کا مزید بوجھ نہیں اٹھا سکتے، خسارے میں چلنے والے اداروں کی نجکاری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے کی نجکاری کے لیے قانونی سازی ہوچکی ہے، ہولڈنگ کمپنی کو تشکیل دے دی گئی جس کے بعد پی آئی اے کی نجکاری ہوجائے گی، جون تک پی آئی اے کی ایئرلائن کمپنی کے طور پر نجکاری ہوجائے گی۔ پی آئی اے کی نجکاری پر پیپلز پارٹی سے اختلافات پر بات کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ پیپلز پارٹی میں کئی سمجھدار لوگ موجود ہیں، مجھے یقین ہے کہ جب ہم بیٹھیں گے اور آپس میں سر جوڑیں گے تو ضرور کوئی نہ کوئی راستہ نکل آئے گا۔

بعدالت جناب سہیل انور خان نیازی صاحب نائب تحصیلدار تاندلیانوالہ

شجرہ نسب پلاٹ 253/255 محلہ جناح کالونی تاندلیانوالہ بسلسلہ تصدیق شجرہ نسب پیش ہوا ہے جس میں محمد اسلم متوفی حال کے نام درج ہے جو وہ فوت ہو چکا ہے۔ جس کے حقیقی وارثان بی بی والدہ پہلے فوت شد، عبدالستار والد پہلے فوت شد، نفیسہ بی بی بیوہ زندہ، محمد ابوبکر صدیق، محمد کلیم، محمد عمران، حافظ محمد عرفان، یاسر سلیم، حافظ فیصل سلیم، محمد قاسم سلیم، محمد زبیر سلیم، عرفان سلیم پسران زندہ، خدیجہ سلیم دختر زندہ اگر ان کے علاوہ کوئی وارث ہو یا کسی شخص کو اعتراض یا عذر ہو تو اندر اشاعت اخبار سات یوم زیر دستخطی کے در بروبمراہ ثبوت پیش ہوں وگرنہ تصدیق شجرہ نسب کردی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

بعدالت جناب محمد آصف اقبال ڈوگر صاحب سول جج/جج گارڈین جج کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: حافظہ آسیہ بی بی بیوہ محمد عارف قوم بلوچ ساکن محلہ اسلام پورہ تحصیل کمالیہ بنام عوام الناس

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی میں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 27-03-2024 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

:بعدالت جناب چوہدری شاہد صاحب نائب تحصیلدار ڈسکہ

اپیل برخلاف ڈگری یکطرفہ محمود احمد بنام محمد سلیم وغیرہ مدزر حسین ولد محمد خاں قوم جٹ گھمن، تنویر حسین ولد محمد بوٹا قوم جٹ گھمن، شبیر حسین ولد محمد بوٹا قوم جٹ گھمن، مبشر حسین ولد محمد بوٹا قوم جٹ گھمن، ابرار اقدس ولد محمد خالد قوم جٹ گھمن، محمد شعیب ولد محمد خالد قوم جٹ گھمن، محمد اشرف ولد محمد سردار قوم راجپوت کھوکھر، عبدالغفور ولد سید محمد قوم راجپوت کھوکھر، محمد رفیق ولد سید قوم راجپوت کھوکھر، فضیلت بی بی دختر محمد سرور قوم راجپوت کھوکھر کوثر پروین دختر محمد سرور قوم راجپوت کھوکھر، احمد بی بی دختر سید قوم راجپوت کھوکھر محمد اکرم ولد محمد سرور قوم راجپوت کھوکھر امین بی بی دختر محمد سرور قوم راجپوت کھوکھر شریفاں بی بی بیوہ محمد سرور قوم راجپوت کھوکھر، امین بی بی دختر محمد سرور قوم راجپوت کھوکھر شریفاں بی بی بیوہ محمد سرور قوم راجپوت کھوکھر غلام مصطفی ولد محمد سرور قوم راجپوت کھوکھر محمد اکرم ولد سید محمد قوم راجپوت کھوکھر محمد افضل ولد محمد سرور قوم راجپوت ساکنان سنگروالی تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوسکتی ہے لہذا ذریعہ اخبار اشتہار ہزا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 16/04/2024 کو بوقت 9 بجے صبح عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عزر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ

بقیہ بقیہ جات 25

عدالت کیس میں ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز کی سزا 7 مئی تک معطل کردی ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے تحریری آرڈر جاری کیا، عدالت نے ایس ایس پی آپریشنز جمیل ظفر اور اسٹیشن ہاؤس افسر (ایس ایچ او) کی سزا بھی 7 مئی تک معطل کردی ہے۔ بعد ازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے 7 مئی کو اپیل مقرر کرنے کی ہدایت بھی جاری کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

شراب پکڑلی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن کی معلومات پر سمندر میں پاک بحریہ، پی ایم ایس اے اور کسٹمز نے مشترکہ طور پر کارروائی کی، اس دوران 4 ہزار سے زائد شراب کی بوتلیں ضبط کی گئیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے دوران ضبط کی گئی شراب کی مالیت 146 ملین روپے سے زائد ہے، تمام شراب کسٹمز حکام کے حوالے کردی گئی، پاک بحریہ سمندری حدود میں کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی روک تھام کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

گنڈاپور کی ضمانت قبل از گرفتاری 17 اپریل تک منظور کرلی۔ علی امین گنڈاپور انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پیش ہوئے۔ وکیل راجا ظہور الحسن نے بتایا کہ علی امین گنڈاپور فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) میں نامزد ہیں مگر ان کا کردار کوئی نہیں، علی امین گنڈاپور موقع پر موجود ہی نہیں تھے۔ وکیل راجا ظہور الحسن نے موقف اپنایا کہ علی امین گنڈاپور کے خلاف 50 ایف آئی آر درج ہوئیں، علی امین گنڈاپور کو عدالت تک پہنچنے بھی نہیں دیا جا تا رہا۔ عدالت نے علی امین گنڈاپور کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست منظور کرلی اور 50 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کی ہدایت کردی۔

بقیہ بقیہ جات 28

نے سینیٹ الیکشن کے لیے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کیخلاف الیکشن ٹریبونل میں اپیل دائر کردی۔ الیکشن ٹریبونل نے الیکشن کمیشن اور دیگر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے فریقین سے 25 مارچ کو جواب طلب کرلیا۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے مختلف بینکوں کے ساتھ مالی معاملات کے باعث نجیب ہارون کے کاغذات نامزدگی مسترد کردیے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 29

کا خاصا رہا کہ وہ جھوٹ بولتے ہیں، سائفر کو سیاسی رنگ دیا گیا، حکومت اور عدالت کہہ چکی ہے کہ سائفر کا شوشہ غلط ہے

عاق نامہ

میں مسمی سرفراز علی بٹ ولد محمد شریف بٹ ساکن شاہ ابدال بجلی گھر ڈاکخانہ تاج پورہ مکان نمبر 16/413 سیالکوٹ شناختی کارڈ نمبر 34603-2196740-1 اپنے حقیقی بیٹا رضوان بٹ ولد محمد سرفراز علی بٹ شناختی کارڈ نمبر 34603-2196740-9 کو انتہائی سخت، نافرمانی، گالم گلوچ گستاخی کی وجہ سے اپنی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں۔ میرا اور میری فیملی کا اس سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔ اگر کوئی اس سے لین دین کرے گا تو وہ خود اس کا ذمہ دار ہوگا۔ نجی سرکاری اور غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر: سرفراز علی بٹ ولد محمد شریف بٹ ساکن شاہ ابدال بجلی گھر ڈاکخانہ تاج پورہ مکان نمبر 16/413 سیالکوٹ شناختی کارڈ نمبر 34603-2196740-1

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع موضع حیات کے کاٹھیہ تحصیل کمالیہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اشرف بھٹی ولد محمد اسماعیل بھٹی قوم بھٹی وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان میں محمد اسماعیل والد متوفی (پہلے فوت شد) مقصودہ بیگم بیوہ متوفی (زندہ) محمد عرفان بھٹی، محمد عمران بھٹی، پسر متوفی (زندگان) انجم ناہید بھٹی، نوید انجم، خاور ندیم، دختران متوفی (زندگان) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفی محمد اشرف بھٹی کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی ظہور احمد تصدیق کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ سول جج سیالکوٹ

مرسمہ دعوی تقسیم جائیداد

عنوان غزالہ منظور بنام محمد منیر وغیرہ

اشتہار بنام 4 علی حنیف ولد محمد حنیف 5 عمران ولد محمد حنیف ساکنان نزد اللہ چوک محلہ فتح گڑھ نواز مارکی شہر سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 08-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب نیلوفر صاحبہ سول جج سیالکوٹ

دعوی تنسیخ نکاح

عنوان آسیہ اکرم بنام مرزا آصف بیگ

اشتہار بنام مرزا آصف بیگ ولد غلام محمد ساکن بھگل تحصیل وضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 04-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

اطلاع گمشدگی پالیسی

اسٹیٹ لائف کارپوریشن کی جاری کردہ پالیسی نمبر 509782487-0 بنام فیصل منیر ولد منیر احمد مالیت چھ لاکھ روپے گم ہوگئی ہے اگر تیس یوم تک اعتراض موصول نہ ہوا تو پالیسی سرنڈر کردی جائیگی۔

منجانب: جنرل منیجر اسٹیٹ لائف کارپوریشن آف پاکستان جھنگ زون

گمشدگی پاسپورٹ

میرا پاسپورٹ نمبر JC6912861 شناختی کارڈ نمبر 35302-7259286-7 دوران سفر علاقہ گشکوریاں میں کہیں گر کر گم ہوگیا ہے اگر کیسی کو ملے تو اس پتہ پر ارسال کردیں شکریہ

المشتہر۔ شاہد حسین ولد غلام حسین ساکن گشکوریاں آرائیاں ضلع اوکاڑہ AS

بقیہ بقیہ جات 30

زلفی بخاری کی اپیل پر محفوظ فیصلہ سنایا جس میں ٹریبونل نے الیکشن کمیشن کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔ زلفی بخاری نے الیکشن کمیشن کی جانب سے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کا اقدام چیلنج کیا تھا جس پر ٹریبونل نے فیصلہ محفوظ کرلیا تھا۔ لاہور ہائیکورٹ کے اپیلیٹ ٹریبونل نے رہنما پی ٹی آئی ڈاکٹر یاسمین راشد کے کاغذات نامزدگی منظوری کا الیکشن کمیشن کا فیصلہ برقرار رہے۔ ٹریبونل نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما شہباز کھوکھر کی یاسمین راشد کے سینیٹ انتخابات میں کاغذات نامزدگی کی منظوری کے خلاف اپیل مسترد کردی۔ جسٹس شاہد بلال حسن نے محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ علاوہ ازیں اپیلیٹ ٹریبونل نے لیگی رہنما خواجہ حبیب الرحمٰن کے کاغذات نامزدگی مسترد کے خلاف اپیل خارج کر دی۔ عدالت نے ریٹرننگ آفیسر کے فیصلے کو برقرار رکھا۔ لیگی رہنما خواجہ حبیب الرحمن نے سینیٹ کے کاغذات نامزدگی مسترد کے خلاف اپیل دائر کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 31

وزیراعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ فارن کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس کے ساتھ کام کر کے خوشی ہوگی۔ صاف پانی، ویسٹ مینجمنٹ، ہیلتھ، ایجوکیشن سیکٹر میں بہت بہتری لانے کی ضرورت ہے

بقیہ بقیہ جات 32

وفاقی وزیر شاہ محمود قریشی کو لانگ مارچ کے دوران توڑ پھوڑ کیس میں 20 اپریل کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ سول جج مرید عباس نے بانی پی ٹی آئی، شاہ محمود قریشی اور دیگر کے خلاف تھانہ کراچی کمپنی میں درج آزادی مارچ توڑ پھوڑ کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت پی ٹی آئی وکلا سردار محمد معروف خان، نعیم حیدر پنجوتھا اور دیگر عدالت میں پیش ہوئے، بعد ازاں عدالت نے بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کے پروڈکشن آرڈرز جاری کر دیئے۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی آئندہ سماعت 20 اپریل تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 33

سعادت پر مشتمل 5 رکنی لارجر بینچ نے محفوظ شدہ فیصلہ جاری کر دیا۔ سپریم کورٹ نے فیصلے میں کہا کہ شوکت عزیز صدیقی کی برطرفی کے خلاف اپیلیں منظور کی جاتی ہیں، شوکت عزیز صدیقی کو ریٹائرڈ جج کی تمام مراعات دی جائیں

بقیہ بقیہ جات 34

چوری، ڈکیتی، اغواء اور دہشت گردی میں سزا یافتہ مجرموں پر بھی نہیں ہوگا، سزا میں کمی کا اطلاق مالی جرائم اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والے مجرموں پر بھی نہیں ہوگا، سزا میں کمی کا اطلاق غیر ملکی افراد ایکٹ، 1946 اور منشیات کنٹرول (ترمیمی) ایکٹ 2022ء کے تحت سزا یافتہ افراد پر نہیں ہوگا، 65 سال سے زائد عمر کے مرد قیدی جو اپنی ایک تہائی قید کاٹ چکے، ان پر اطلاق ہوگا، 60 سال سے زائد عمر کی خواتین قیدی جو ایک تہائی قید کاٹ چکی، ان پر بھی سزا میں کمی کا اطلاق ہوگا، 18 سال سے کم عمر افراد جو اپنی ایک تہائی سزا کاٹ چکے ان پر بھی سزا میں کمی کا اطلاق ہوگا، صدر مملکت نے سزاؤں میں کمی کی منظوری آئین کے آرٹیکل 45 اور رولز آف بزنس کے رول 15 اے کے تحت دی۔

بعدالت جناب حافظ محمد زبیر صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن منڈی بہاالدین

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین بعنوان رضیہ رانی بیوہ طلحہ خلیل سکنہ نزد لیاقت گجر کا دارہ محلہ تاج پورہ تحصیل وضلع منڈی بہاالدین بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین دائر کی ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت درخواست ہو تو بتقرر 25-03-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب حافظ محمد زبیر صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن منڈی بہاالدین

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین بعنوان رضیہ رانی بیوہ طلحہ خلیل سکنہ نزد لیاقت گجر کا دارہ محلہ تاج پورہ تحصیل وضلع منڈی بہاالدین بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین دائر کی ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت درخواست ہو تو بتقرر 25-03-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول/فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

درخواست حضانت زیر دفعہ 25 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ 1790: جہانگیر ولد شہامند علی بنام اللہ معافی وغیرہ اشتہار بنام اللہ معافی دختر امیر علی، ایمان فاطمہ دختر جہانگیر اقوام بھٹی ساکنان چک نمبر 401 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 25-03-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 104 گ ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہدایت اللہ ولد ابراہیم جو کہ چک نمبر 104 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں حیات بی بی والدہ، ابراہیم والد، صفیہ بی بی زوجہ (پہلے فوت شدگان)۔ محمد یٰسین، بنیامین، محمد کریم، محمد نعیم پسران، یاسمین دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

درستگی نام

میری شعبہ امتحانات تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان، مڈل، میٹرک، ایف۔اے، بی۔اے، ایم۔اے کی اسناد اور رزلٹ کارڈ پر غلطی سے میرا نام قمر عباس درج ہوگیا ہے جبکہ میرا درست نام حافظ قمر عباس بن محمد صدیق ہے۔ لہذا میری مذکورہ اسناد اور رزلٹ کارڈ پر میرا درست نام حافظ قمر عباس درج کیا جائے۔ المشتہر۔ حافظ قمر عباس ولد محمد صدیق ساکن چک نمبر 464 جوڑی والا ڈاکخانہ خانوآنہ تحصیل وضلع جھنگ۔

بعدالت جناب محترم محمد اطہر افضل صاحب سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد اشرف ولد غلام نبی بنام چیئر مین واپڈا وغیرہ اشتہار بنام چیئر مین واپڈا لاہور، ایکسین واپڈا سرکل چونیاں، S.D.O واپڈا سرکل چونیاں، R.O واپڈا سرکل چونیاں (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعوی عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 25-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بقیہ بقیہ جات 35

قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وطن کیخلاف ہر سازش کا جے یو آئی ہر محاذ پر مقابلہ کرے گی، یوم پاکستان کے موقع پر اسلام اور ارض پاکستان کے تحفظ کے لئے جان کی قربانی کا عہد کرتے ہیں، پاکستان کیخلاف کسی دشمن نے میلی آنکھ سے دیکھا تو اس کی آنکھیں نکال دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یوم پاکستان پوری قوم کیلئے تجدید عہد کا دن ہے۔ نظریہ پاکستان ہی ملک وقوم کی سلامتی اور بقا کا ضامن ہے۔ قیام پاکستان کے بعد ہی نااہل حکمرانوں کی کوتاہیوں اور مفادات کی سیاست کے نتائج آج پوری قوم بھگت رہی ہے۔ بدقسمتی سے آج بھی مفاد پرست حکمرانوں ملک وقوم کے بہتری کیلئے بجائے مفادات کی سیاست کو پروان چڑھانے میں مصروف عمل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

خدیجہ الکبری بلند کردار اور شرافت کا نمونہ تھیں، اسلام کی تاریخ ''حقوق نسواں'' کے حوالے سے نہایت درخشندہ روایات کی امین رہی ہے، مسلمان خواتین امہات المومنین کی سیرت وکردار کو مشعل راہ بناتے ہوئے زندگی کی راہیں متعین کریں۔ انہوں نے کہا کہ ام المومنین سیدہ خدیجہ الکبری حسن سیرت، اعلی اخلاق، بلند کردار، عزت وعظمت، شرافت کا نمونہ تھیں، آپؓ نے اپنے مال کے ذریعے دین اسلام کی مدد کی، یہ اسلام ہی ہے، جس نے عورت کو مکرم ومحترم مقام عطا کیا اسلام نے عورت کو جو حقوق دیئے وہ دنیا کے دیگر مذاہب دینے سے قاصر ہیں۔

بعدالت جناب سہیل انور خان نیازی صاحب نائب تحصیلدار تاندلیانوالہ

شجرہ نسب چک نمبر 408 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ بسلسلہ تصدیق شجرہ نسب پیش ہوا ہے۔ جس میں محمد اقبال متوفی حال کے نام درج ہے جو وہ فوت ہو چکا ہے۔ جس کے حقیقی وارثان روشاں بی بی والدہ پہلے فوت شد، محمد یوسف والد پہلے فوت شد، صفیہ بیگم بیوہ زندہ، سکندر اقبال پسر زندہ، چندا اقبال دختر زندہ اگر ان کے علاوہ کوئی وارث ہو یا کسی شخص کو اعتراض یا عذر ہو تو اندر اشاعت اخبار سات یوم زیر دستخطی کے در بروبمراہ ثبوت پیش ہوں وگرنہ تصدیق شجرہ نسب کر دی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترم محمد اطہر افضل صاحب سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد اشرف ولد محمد اقبال بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو وغیرہ اشتہار بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو واپڈا 22/A کوئنز روڈ لاہور، ڈپٹی منیجر اپریشن لیسکو واپڈا ڈویژن چونیاں، آر۔او۔ واپڈا لیسکو واپڈا چونیاں، اسسٹنٹ منیجر واپڈا لیسکو سب ڈویژن الہ آباد تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعوی عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 25-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

از دفتر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جھنگ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شجرہ متوفی محمد نواز ولد برخوردار۔ درخواست محمد سجاد وغیرہ متوفی محمد نواز نے تبدیلی ٹیکس زیر دستخطی کو پیش کی ہے۔ مطابق ریکارڈ PT-I ٹیکس پراپرٹی نمبر B730 بلاک XII محلہ پرانی عیدگاہ جھنگ صدر کا اندراج محمد نواز وغیرہ پسران محمد غوث کا ہے۔ مطابق درخواست درست ریکارڈ مطابق رجسٹری اندراج ہونا مطلوب ہے۔ اگر کسی وارث یا دیگر کسی شخص کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر اعتراض کرسکتا ہے عدم اعتراض کی صورت کا ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع جھنگ چک جنوبی تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفیہ) غلام زہرہ دختر امیر حسین شاہ کے وارثان (فقہ جعفریہ) ام فضل، امیر حسین شاہ والدین پہلے فوت شد۔ سید ناصر عباس شاہ سرور خاوند بعد فوت شد۔ حدیقہ نقوی، سیدہ سمانہ نرجس دختران زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بعدالت جناب سام اللہ صاحب فیملی جج شورکوٹ

عنوان مقدمہ: ارم شہزادی بنام لیاقت علی۔ مرمعہ دعوی تنسیخ نکاح بربنائے خلع۔ اخبار اشتہار بنام لیاقت علی ولد محمد نواز قوم کھوٹ سکنہ کالونی قائم بھروانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 26.03.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب چوہدری محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار شورکوٹ

عنوان مقدمہ: ممتاز حسین بنام مجاہدہ شیر بہادر۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 138/2 چک نمبر 496 تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام مجاہدہ شیر بہادر قوم راجپوت کاٹھیہ سکنہ چک نمبر 496 تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 25.03.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بقیہ بقیہ جات 37

اسلام آباد میں چینی سفارتخانہ چائینیز ایمبیسیڈر اسکالرشپ پروگرام کے ذریعے پشاور یونیورسٹی کے طلبا کے لئے اپنی مسلسل حمایت جاری رکھے ہوئے ہے۔ اب تک یو او پی مستحق طلبا میں 18 ملین روپے تقسیم کر چکا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق 2023 میں یونیورسٹی کو ڈیڑھ لاکھ آر ایم بی (60 لاکھ روپے کے مساوی) ملے اور 2022 میں یونیورسٹی کے مستحق طالب علموں کے لیے چائینیز ایمبیسڈر اسکالرشپ پروگرام کے تحت 45 لاکھ روپے کی رقم مختص کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 38

ضرورت ہے کہ ہم اپنی نئی نسل کو پاکستان کے حصول کا مقصد سمجھائیں تاکہ نئی نسل دو قومی نظریہ کو جان سکے اور آگے چل کر مستقبل کے یہ معمار پاکستان کی ترقی اور بقا کے لیے صحیح معنوں میں کام کر سکے۔ ڈپٹی سپیکر نے مزید کہا کہ آج ملک کو درپیش تمام بحرانوں سے نبرد آزما ہونے کے لیے ہمیں تازہ ولولہ اور عظم نو کے ساتھ وسیع تر انقلاب کی بنیاد رکھنا ہوگی۔ اور اس انقلاب کا بنیادی مقصد محض سیاسی نظام یا اداروں میں تبدیلی لانا نہیں بلکہ اس کا دائرہ اثر سماجی زندگی کی تمام شعبوں تک بڑھانا ہوگا۔ ہم نے اس عزم کا اظہار کرنا ہے کہ ہم نے تخلیق پاکستان کے بنیادی مقاصد اور وطن کی خوشحالی اور استحکام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لانے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 39

تعین کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔ لیٹیش کو لٹفن مارکیٹ میں تجاوزات کے مرتکب افراد کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے

بعدالت جناب اسما فلک رانا صاحبہ فیملی جج ساہیوال

دعوی تنسیخ نکاح ۔۔عنوان مقدمہ۔۔ رابعہ بنام عظیم خاں ۔۔اشتہار اخبار بنام ۔عظیم خاں ولد محمد یوسف ساکن محلہ گلبرگ ٹاؤن بائی پاس تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر۔۔۔25-03-2024۔۔۔کو بوقت 09 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عزر قابل سماعت نہ ہوگا

بعدالت جناب چوہدری شاہد صاحب نائب تحصیلدار ڈسکہ

درخواست تقسیم اراضی وکیے جانے حکم رضیہ بی بی بنام محمد شریف ولد محمد سردار، صنم بی بی، نازیہ بی بی دختران عدیل حسین پسر احمد محمد جاوید، محمد قیصر، سیف اللہ پسر رخسانہ دختر رحمت ساکنان بڈھا گورائیہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوسکتی ہے لہذا ذریعہ اخبار اشتہار ہزا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 26/03/2024 کو بوقت 9 بجے صبح عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عزر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ

بعدالت جناب الیاس رضا ناصر صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن اوکاڑہ

دعوی: تنسیخ نکاح خرچہ نان ونفقہ سامان جہیز وغیرہ

عنوان مبین یوسف: بنام غلام رسول

اشتہار بنام: غلام رسول ولد میاں خاں قوم بھٹی سکنہ 38/2r تحصیل وضلع اوکاڑہ۔ مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 29.03.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب عدنان احمد گوندل صاحب سول جج اوکاڑہ

دعوی: تعمیل مختص معہ حکم امتناعی دوامی

عنوان: ڈاکٹر خرم اعجاز بنام: یونس مسیح اشتہار اخبار: یونس مسیح ولد اللہ دیتہ قوم چوہان سکنہ نیو کرسچن کالونی عیدگاہ روڈ تحصیل وضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مدعا علیہ تاریخ 02.04.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے وم

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 94 گ ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جمیلہ بیگم بیوہ عبدالغفار خاں (دختر محمد اسماعیل) جو کہ چک نمبر 94 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں زینب بی بی والدہ، محمد اسماعیل والد، عبدالغفار خاں (پہلے فوت شدگان)۔ رانا عابد محمود خاں، محمد خالد محمود، رانا ساجد محمود خاں پسران، ساجدہ رانی دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 569 گ ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حیات بی بی بیوہ مائی خان (دختر خان محمد) جو کہ چک نمبر 569 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہوچکی ہے۔ جس کے وارثان میں بھلاں خاتون والدہ، خان محمد والد، مائی خان خاوند، غلام قادر خان پسر (پہلے فوت شدگان)۔ لیاقت علی لیاقت علی خان، غلام عباس خان، محمد اقبال خان پسران، زینب بی بی، احسان بی بی دختران، محمد ساجد خان پوتا، نادیہ بی بی، رابعہ خان پوتیاں (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین عنوان درخواست۔ صغری بی بی زوجہ محمد شفیع قوم ڈوگر ساکن ڈھگ ڈاکخانہ محمدی پور تحصیل چونیاں ضلع قصور (سائلہ) بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ عوام الناس میں سے اگر کسی کو کوئی عذر یا شکایت نسبت درخواست عنوان بالا ہو تو وہ بتقرر 25-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

کسی کی من مانی نہیں چلے گی، ذخیرہ اندوزی کرنیوالوں کیخلاف سخت ایکشن لیا جائیگا، عظمیٰ بخاری

شہریوں کو سستی، معیاری اشیائے خورونوش کی فراہمی ترجیح ہے، مارکیٹ میں اشیائے خورونوش کا وہی ریٹ ہوگا جو انتظامیہ طے کرے گی

دکاندار ریٹ لسٹ آویزاں کریں، وزیراعلیٰ کی ذاتی دلچسپی سے پرائس کنٹرول کے شعبے کو مکمل طور پر فعال کر دیا گیا' وزیراطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ شہریوں کو سستی اور معیاری اشیائے خورونوش فراہم کرنا حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک کے آغاز سے قبل پنجاب حکومت نے پرائس کنٹرول کا پروگرام شروع کیا تھا، پرائس کنٹرول پروگرام پر کامیابی سے عملدرآمد ہو رہا ہے، لوگ خود بتا رہے ہیں پنجاب میں پہلی بار رمضان میں چیزیں سستی فروخت (بقیہ نمبر 58)

22 MARCH WORLD WATER DAY
صاف پانی محفوظ زندگی
عالمی
PRESIDENT
CHIEF GUEST

لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے پانی کے عالمی دن کے موقع پر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

سٹیک ہولڈرز کے بغیر ایف بی آر اصلاحات کامیاب نہیں ہوسکتی' لاہور ٹیکس بار

اسٹیئرنگ کمیٹی میں ٹیکس ماہرین سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز کو بھی شامل کیا جائے' صدر شہباز صدیق

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق نے کہا ہے کہ اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت کے بغیر ایف بی آر میں اصلاحات کا منصوبہ کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا، اصلاحات اور آٹومیشن کیلئے اسٹیئرنگ کمیٹی میں ٹیکس ماہرین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو بھی شامل کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن لاہور کی جانب سے لاہور ٹیکس بار کے (بقیہ نمبر 61)

بجٹ نے وزیراعلیٰ، انکی ٹیم کے وژن کا کچا چٹھہ کھول کر رکھ دیا' مسرت چیمہ

پی ٹی آئی کا ساتھ دینے پر نوجوانوں پر غصہ نکالا گیا، جو بجٹ رکھا گیا ہے وہ فی کس پیسوں میں بنتا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں پیش کیے گئے بجٹ نے وزیراعلیٰ اور ان کی ٹیم کے وژن کا کچا چٹھہ کھول کر رکھ دیا ہے، پی ٹی آئی کا ساتھ دینے کی وجہ سے نوجوانوں پر بھرپور غصہ نکالا گیا ہے اور کروڑوں نوجوانوں کے لئے جو بجٹ رکھا گیا ہے وہ فی کس پیسوں میں بنتا ہے، پنجاب حکومت کی تقریباً ایک ماہ کی کارکردگی سوائے (بقیہ نمبر 62)

چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور یونیسف کا مشترکہ لائحہ عمل جاری رکھنے پر اتفاق

سارہ احمد سے یونیسف پاکستان کے وفد کی ملاقات، بچوں کے تحفظ، فلاح و بہبود بارے تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد سے یونیسف پاکستان کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں چیف آف چائلڈ پروٹیکشن پروگرام ویلری خان، چائلڈ پروٹیکشن آفیسر یونیسف زاہدہ منظور اور دیگر شامل تھے۔ ملاقات میں چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور یونیسف کے مابین بچوں کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے حوالہ سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور یونیسف کا (بقیہ نمبر 63)

10 ہزار روپے کے لین دین کے تنازعہ پر 29 سالہ نوجوان کو قتل کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کی سبزی منڈی میں 10 ہزار روپے کے لین دین کے تنازعہ پر جھگڑا میں 29 سالہ نوجوان کو چاقو کے پے در پے وار کر کے قتل کر دیا گیا جو کئی بہنوں کا اکلوتا بھائی اور گھر کا کفیل بتلایا جا رہا ہے۔ پولیس نے ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا اور مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر دی۔ سرگودھا شہر کے علاقہ لکڑ منڈی کے 29 سالہ نوجوان نوید نے مظاہر حسین کے 10 ہزار روپے دینے تھے جو ادا نہ کر پانے پر بلاک 23 کے قریب شہر کی سبزی منڈی میں ان کے درمیان (بقیہ نمبر 59)

کراچی میں ڈاکوؤں نے موبائل فون کے لیے ایک اور شہری کو قتل کر دیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے اورنگی ساڑھے 11 میں اسٹریٹ کرمنلز کے ہاتھوں ایک اور شہری قتل ہوگیا، پولیس نے بتایا موبائل فون لینے کے باوجود ملزموں نے گولی ماردی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں ڈاکوؤں نے موبائل فون کے لیے ایک اور شہری کی جان لے لی، اورنگی ٹاؤن میں مسلح ڈکیتوں نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل اور دوسرے کو زخمی کر دیا۔ پولیس نے بتایا کہ مقتول اختر مسیح بھتیجے کے ساتھ گلی میں بیٹھا تھا کہ موبائل چھیننے کے دوران 2 اسٹریٹ کرمنلز نے فائرنگ کی، (بقیہ نمبر 60)

بزرگ اور معذور افراد کو طواف کرانے کیلئے گالف کار فراہم

مکہ مکرمہ (این این آئی) مسجد الحرام میں معمر، معذور اور بیمار زائرین کے لیے مخصوص گالف کار کی سہولت فراہم کر دی گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق گالف گاڑیوں سے مسجد الحرام کی چھت سے طواف کرایا جاتا ہے، انتظامیہ کی جانب سے ابتدائی طور پر 50 گالف گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں۔ گالف گاڑیوں کی سہولت شام 4 سے صبح 4 بجے تک ہوتی ہے، جس کا فی کس کرایہ 25 ریال ہے اور ہر گاڑی میں 10 افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہے

لاہور، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو جمیل جاوید فل بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹیوٹا کے اداروں میں سکالرشپ پروگرام شروع کیے جائیں، شافع حسین

آرٹیفیشل انٹیلی جنس، سولر پینل ٹیکنالوجی اور کرین آپریٹرز کے کورسز بھی شروع کیے جائیں' صوبائی وزیر ٹیوٹا سیکرٹریٹ کا دورہ

ٹیوٹا کے اداروں میں 91 ہزار بچے ٹیکنیکل ایجوکیشن حاصل کر رہے ہیں، چیئرمین ٹیوٹا ساجد کھوکھر کی صوبائی وزیر صنعت کو بریفنگ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے ٹیوٹا سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ شجرکاری مہم کے حوالے سے پودا لگایا اور بریفنگ اجلاس کی صدارت کی۔ صوبائی وزیر نے ٹیوٹا کے اداروں کیلئے تیار کردہ قومی ترانہ کا اجراء کیا۔ چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر ریٹائرڈ ساجد کھوکھر نے صوبائی وزیر کو ادارے کی ورکنگ، کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل کے بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ ٹیوٹا کے اداروں میں

دنیا بھر میں مسیحی برادری کل پام سنڈے کا مذہبی تہوار منا ئیگی

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مسیحی برادری پام سنڈے کا مذہبی تہوار کل (اتوار) 24 مارچ کو جوش و خروش سے منائے گی۔ اس دن کی مناسبت سے مسیحی عبادتگاہوں میں خصوصی مذہبی عبادات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں ملک و قوم کی سلامتی کے لئے بھی خصوصی دعائیں کی جائیں گی۔ پام سنڈے روایتی طور پر حضرت عیسیٰ کے یروشلم میں داخلے سے منسوب ہے۔ اس روز کی مناسبت سے جلوس بھی نکالے جائیں گے جس میں مسیحیوں کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔

پی آئی اے کی 3 بین الاقوامی پروازوں کی اچانک متبادل ائیر پورٹس پر لینڈنگ

لاہور (این این آئی) دو روز میں پی آئی اے کی 3 بین الاقوامی پروازوں کی اچانک متبادل ائیر پورٹس پر لینڈنگ کرادی گئی جس کی وجہ سے مسافروں اور ان کے عزیز و اقارب کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ میڈیا رپورٹ میں ایوی ایشن ذرائع کے حوالے سے کہا گیا کہ دمام سے اسلام آباد کیلئے پی آئی اے کی پرواز پی کے 246 نے صبح 5 بجے اسلام آباد انٹرنیشنل ائیر پورٹ پر لینڈ کرنا تھا مگر اس پرواز کی منزل اچانک تبدیل کر کے اسے علامہ اقبال ائیر پورٹ لاہور پر لینڈ کرادیا گیا، اسی طرح پی آئی اے (بقیہ نمبر 48)

درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے صاف پانی اور درخت ضروری ہیں' پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود

لاہور (این این آئی) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے کہا ہے کہ خطے کو موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے صاف پانی، خوشگوار ماحول اور جنگلات کے پھیلاؤ کے لئے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے ہوں گے۔ وہ پنجاب یونیورسٹی کے زیراہتمام پانی کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے الرازی ہال میں خطاب کر رہے تھے۔ بعد ازاں (بقیہ نمبر 46)

لاہور، انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن کی جانب سے دیئے گئے افطار ڈنر میں عہدیداران کا گروپ فوٹو

سی سی پی او لاہور کا کائٹ فلائنگ ایکٹ پر عملدرآمد یقینی بنانے کا حکم

ایک ہفتے میں پتنگ بازوں کیخلاف کارروائیوں کے دوران 537 مقدمات درج' 595 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر لاہور پولیس کا شہر بھر میں پتنگ بازی کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس ضمن میں گزشتہ ایک ہفتے میں پتنگ بازوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران 537 مقدمات درج کر کے 595 ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق پتنگ بازی کے واقعات میں ملوث ملزمان کے قبضہ س (بقیہ نمبر 50)

لیگی رکن پنجاب اسمبلی عظمیٰ کاردار کے زیورات چوری

پولیس نے 5 لاکھ روپے مالیت کا سونا چوری ہونے کا مقدمہ درج کر لیا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی خاتون رکن اسمبلی عظمیٰ کاردار کے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات چوری ہوگئے۔ عظمیٰ کاردار کے زیورات چوری ہونے کا واقعہ ماڈل ٹاؤن کے علاقے میں موجود ایک کلب میں پیش آیا، جہاں عظمیٰ کاردار کلب میں سوئمنگ کر رہی تھیں۔ عظمیٰ کاردار کے مطابق جس دوران میں سوئمنگ کر رہی تھی اس دوران کسی نے میرے پرس سے 4 سے (بقیہ نمبر 49)

حیسکو ڈویژن کے ملازمین نے محکمے کو 54 کروڑ سے زائد کا چونا لگا دیا

حیسکو افسران نے جون 2017 سے جولائی 2023 تک جعلی بلز پاس کروائے، ایف آئی اے

نوابشاہ (این این آئی) حیسکو ڈویژن نوابشاہ میں ملازمین نے محکمے کو 54 کروڑ سے زائد کا چونا لگا دیا، جعلی بل فرضی ملازمین کی تنخواہوں کی مد میں پاس کروائے گئے۔ تفصیلات کے مطابق حیسکو ڈویژن نوابشاہ میں میگا کرپشن اسکینڈل سامنے آ گیا، حیسکو ڈویژن نوابشاہ میں ملازمین نے محکمے کو 54 کروڑ سے زائد کا چونا لگا دیا۔ ایف آئی اے ذرائع نے بتایا کہ حیسکو افسران نے جون 2 (بقیہ نمبر 47)

لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور غربی عبدالعزیز افطار ڈنر کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

23 مارچ 1940 ہماری ملی تاریخ کا روشن باب ہے' سنی علما کونسل۔

قراردادِ پاکستان خواب نہیں ایسا پروانہ ہے جو برصغیر کے مسلمانوں کی تقدیر میں لکھا ہوا تھا

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ 23 مارچ 1940 ہماری ملی تاریخ کا روشن باب ہے، قراردادِ پاکستان خواب نہیں ایسا پروانہ ہے جو برصغیر کے مسلمانوں کی تقدیر میں لکھا ہوا تھا، ہم سب کو پاکستان کو عظیم ملک بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قائداعظم اور علامہ اقبال نے جو منشورِ آزادی، دو قومی نظریہ اور جمہوریت، قرآن و سنت کی بالادستی کا لائحہ عمل دیا آج بھی زندہ حقیقت ہے، قومی یکجہتی اور ملکی سلامتی کا تحفظ وقت کا اہم ترین تقاضا ہے اور ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے کہ اسے پورا کرنے کیلئے ہمیں بانی پاکستان کے فرمان اتحاد، تنظیم اور یقین محکم پر دل و جان سے عمل کر کے پاکستان کو اسلامی (بقیہ نمبر 57)

وزیرخوراک کا فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کے ہمراہ متعدد فوڈ پوائنٹس کا دورہ

ناقص انتظامات پر 4 کو سیل، 4 کو اڑھائی لاکھ روپے جرمانہ، 5 کو اصلاحی نوٹس جاری

لاہور (این این آئی) وزیرخوراک پنجاب بلال یاسین نے فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کے ہمراہ سحری سے قبل شہر کے متعدد فوڈ پوائنٹس کا دورہ کیا۔ وزیرخوراک بلال یاسین نے ٹیموں کے ہمراہ سمن آباد، واہگہ، شالیمار ٹاؤن میں فوڈ پوائنٹس اور معروف فوڈ چینز آؤٹ لیٹس کا معائنہ کیا۔ اس دوران 13 فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا گیا ناقص انتظامات پر 4 کو سیل، 4 کو اڑھائی لاکھ روپے جرمانہ جبکہ 5 فوڈ پوائنٹس کو اصلاحی نوٹس جاری کیے گئے۔ فوڈ پوائنٹس پر موجود 2 من سے زائد ناقص گوشت، آئل اور ایکسپائر اشیاء تلف کرا دی گئیں۔ بلال یاسین نے کہا کہ صحت دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں

سکھر، مخیر حضرات و سماجی تنظیموں کی جانب سے اجتماعی افطاری کرائی جارہی ہے

کراچی، آٹو فنانسنگ میں مسلسل 20 ویں مہینے کمی

فروری 2023 تک کاروں کے لیے دیے گئے قرضے 325 ارب 80 کروڑ روپے تھے

کراچی (این این آئی) آٹو فنانسنگ میں مسلسل 20 ویں مہینے بھی تنزلی کا رجحان دیکھا گیا، جو فروری 2024 میں کم ہو کر 242 ارب 90 کروڑ روپے پر آ گئی ہے، جس کا حجم جنوری کے اختتام تک 246 ارب روپے تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فروری 2023 تک کاروں کے لیے دیے گئے قرضے 325 ارب 80 کروڑ روپے تھے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 20 مہینوں کے دوران قرضوں میں 125 ارب روپے کی کمی ہوئی، جو جون 2022 کے اختتام تک 368 ارب روپے ریکارڈ کیے گئے تھے۔ آٹو سیکٹر بدستور مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے، مالی سال 2024 کے ابتدائی 8 ماہ کے دوران مالی سال 2024 کے ابتدائی 8 ماہ (جولائی تا فروری) (بقیہ نمبر 56)

سال 2024 کا پہلا مکمل سورج گرہن 8 اپریل کو ہوگا

گرہن کا کل وقت 4 گھنٹے 39 منٹ تک رہیگا، پاکستان و بھارت میں نظر آنے کا کوئی امکان نہیں

لاہور (این این آئی) سال 2024 کا پہلا مکمل سورج گرہن اگلے ماہ 8 اپریل کو ہوگا۔ میکسیکو میں شروع ہونے والا سورج گرہن ٹیکساس، اوکلاہوما، آرکنساس، میسوری، الینوائے، کینٹکی، انڈیانا، اوہائیو، پنسلوانیا، نیویارک، ورمونٹ، نیو ہیمپشائر سے ہوتا ہوا کینیڈا پہنچے گا۔ سورج گرہن کے دوران امریکہ کی بیشتر ریاستوں میں مکمل اندھیرا چھا جائے گا، اس حوالے سے سینکڑوں سکولوں میں پہلے ہی (بقیہ نمبر 55)

مہنگائی نے سفید پوش طبقہ غریبوں کا کچومر نکال دیا عبدالعزیز عابد ذکراللہ مجاہد

حکومت کی طرف سے جاری کردہ پرائس لسٹیں بھی مذاق بن گئی' افطار عام سے خطاب

لاہور (پ ر) جماعت اسلامی لاہور غربی کے امیر عبدالعزیز عابد اور نائب صدر الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان میاں ذکراللہ مجاہد نے یو سی 112 مصطفےٰ ٹاؤن کے زیراہتمام منصورہ کالج میں افطار عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے لگام مہنگائی نے سفید پوش طبقہ اور غریبوں کا کچومر نکال دیا ہے۔ ایک تو مہنگائی ہے دوسرے خود ساختہ مہنگائی کرنے والے گراں فروش بھی دونوں ہاتھوں سے (بقیہ نمبر 54)

اہلبیت ؓ سے مودت ہمارے ایمان کی بنیاد ہے' ادریس شاہ زنجانی

15 رمضان المبارک حضرت امام حسن ؓ کا یوم ولادت' نبی مہربان حضرت محمد ﷺ نے بہت خوشی منائی تھی

لاہور (پ ر) دربار حضرت میراں حسین شاہ زنجانی ؒ کے سجادہ نشین پیر سید ادریس شاہ زنجانی نے رمضان المبارک کے دوسرے جمعہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ 15 رمضان المبارک حضرت امام حسن ؓ کا یوم ولادت ہے۔ نبی مہربان حضرت محمد ﷺ نے آپ کی ولادت پر بہت خوشی منائی تھی۔ آپ ؓ کا نام مبارک بھی ہمارے آقا و مولا حضرت محمد ﷺ نے حسن ؓ رکھا تھا۔ جو چاہتا ہے کہ اللہ اور (بقیہ نمبر 53)

بہت سے خطے عالمی سطح پر بڑھتی آبادی سے دوچار ہیں' ثمن رائے

آبادی میں تیزی سے اضافے سے پیدا ہونیوالے چیلنجوں سے نمٹنے کی ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب ثمن رائے نے کہا کہ چھوٹے خاندانی اصولوں کی وکالت کرنے کے لیے ایک ذریعہ کے طور پر آبادی میں تیزی سے اضافے سے پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنے کی ضرورت ہے۔ چھوٹے خاندانوں کو فروغ دینے کے لیے جاری کوششوں کے باوجود، بہت سے خطے عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی آبادی سے دوچار ہیں، جس کے نتیجے میں وسائل میں تناؤ، ماحولیاتی انحطاط اور سماجی تفاوت پیدا ہو رہے ہیں۔ مختلف دانشوروں نے اپنے اپنے وسیع تجربات کی بنا پر لیکچر دیئے۔ خاندانی منصوبہ بندی اور تولیدی صحت میں 28 سال کا تجربہ رکھنے والے (بقیہ نمبر 52)

لاہور ہائیکورٹ کے 7 ججز کو انتظامی ذمہ داریاں تفویض

چیف جسٹس کو کیس منیجمنٹ پلان، ضلعی عدلیہ، ہائیکورٹ اسٹیبلشمنٹ سمیت 11 اختیارات تفویض

جسٹس شجاعت کے پاس وکلاء کے فٹنس سرٹیفکیٹ، ٹرانسپورٹ سمیت 8 انتظامی اختیارات ہونگے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے 7 ججز کو انتظامی ذمہ داریاں تفویض کر دی گئیں جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق چیف جسٹس ملک شہزاد احمد خان کو کیس منیجمنٹ پلان، ضلعی عدلیہ، ہائیکورٹ اسٹیبلشمنٹ سمیت 11 انتظامی اختیارات تفویض کر دیئے گئے، جسٹس شجاعت علی خان کو سپریم کورٹ کیلئے وکلاء کے فٹنس سرٹیفکیٹ، ٹرانسپورٹ سمیت 8 انتظامی اختیارات تفویض کئے گئے ہیں۔ جسٹس علی باقر نجفی کے پاس ضلعی عدلیہ کا آڈٹ، سپریم کورٹ کیلئے وکلاء کے فٹنس سرٹیفکیٹ سمیت 4 انتظامی اختیارات ہوں گے، جسٹس شاہد بلال حسن کو لاہور ہائیکورٹ کا (بقیہ نمبر 51)

لاہور، پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر اسمبلی کی طرف جانیوالے راستے بند کیے گئے ہیں

پیپلز پارٹی کا گورنر بنا تو سٹوڈنٹس یونین کی بحالی کرائیں گے' سبط الحسن

رمضان کے بعد طلبہ یونین بحالی مہم چلانے کا اعلان کریں گے سیکرٹری اطلاعات پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن

لاہور (این این آئی) پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن پنجاب کے سیکرٹری اطلاعات سبط الحسن نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کا گورنر پنجاب بنا تو صوبے میں سٹوڈنٹس یونین کی بحالی کرائیں گے، رمضان کے بعد پنجاب میں طلبہ یونین بحالی مہم چلانے کا اعلان کریں گے۔ وہ پی ایس ایف پنجاب کی طرف سے پنجاب یونیورسٹی کی نو منتخب کابینہ ارکان مہتاب سومرو، شیر علی عباسی، عبدالرحمٰن رحمانی، عبدالقوی، بہین گل آفریدی، احمد حسن، اصغروی، بلال بلوچ، بنی نور کو مبارکباد دینے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

7 سو سے زائد شکایات میں سے 644 نمٹا دی گئیں' مرزا فاران بیگ

ٹریفک ہیڈکوارٹرز آفس میں قائم کمپلینٹ سیل شہریوں کو ریلیف کی فراہمی میں مسلسل مصروف عمل ہے

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے کہا ہے کہ ٹریفک ہیڈ کوارٹرز کے زیر انتظام کمپلینٹ سیل کے ذریعے شہریوں کو مسلسل خدمات فراہم کی جارہی ہیں، کمپلینٹ سیل میں رواں سال 7 سو سے زائد کمپلینٹ موصول ہوئیں، 644 شکایات نمٹا دی گئیں 66 پر کارروائی کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کمپلینٹ سیل میں پرائم منسٹر آفس، سی ایم پنجاب آفس جنرل کمپلین اور واٹس ایپ کے ذریعے شکایات موصول ہوتی ہیں، ایوان وزیر اعظم کے پورٹل سے موصول ہونے والی 190 میں سے 178 شکایات کو نمٹا دیا گیا جبکہ 12 پر کام جاری ہے، ایوان (بقیہ نمبر 45)

لاہور، جامع مسجد شاہ زنجان میں سجادہ نشین پیر ادریس شاہ زنجانی رمضان المبارک کے دوسرے جمعہ کے موقع پر روزہ کی اہمیت اور شان و مقام اہلبیت کے موضوع پر خطاب کر رہے ہیں

سی ایس سی یونیورسٹی پشاور نے چائنیز ایمبیسیڈر سکالرشپ پروگرام کا آغاز کر دیا

پشاور (این این آئی) یونیورسٹی آف پشاور کے چائنیز اسٹڈی سینٹر (سی ایس سی) نے 2024 کے لئے چائنیز ایمبیسیڈر اسکالرشپ پروگرام کے آغاز کا اعلان کیا ہے اور اب اہل طلبا کی درخواستیں قبول کی جا رہی ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق چائنیز ایمبیسیڈر اسکالرشپ پروگرام پشاور یونیورسٹی میں بی ایس ڈگری پروگرام، ایم ایس/ ایم فل اور پی ایچ ڈی ڈگری پروگراموں میں داخلہ لینے والے طلبا کو اسکالرشپ فراہم کر رہا ہے۔ اعلامیے کے مطابق مالی طور پر کمزور اور ضرورت مند طلبہ کے لیے نشستیں مختص کی گئی ہیں جبکہ اسکالرشپس دینے کا فیصلہ نیڈ کم میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ گوادر پرو کے مطابق (بقیہ نمبر 37)

پنجاب سیف سٹی نے 3 گمشدہ بچے والدین سے ملوادیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا بچھڑوں کو اپنوں سے ملوانے کا سلسلہ جاری ہے۔ سیف سٹیز اتھارٹی کے لاسٹ اینڈ فاؤنڈ سینٹر نے تھانہ داتا دربار کی حدود سے گمشدہ ہونے والے 3 بچے تلاش کے بعد والد کے حوالے کر دیئے۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی نے بتایا کہ تھانہ داتا دربار کی حدود سے گمشدہ ہونے والے بچوں کی والد کی جانب سے 15 پر بچوں کی گمشدگی کی اطلاع دی گئی

گرین ٹاؤن' شوہر کا اپنے والد کیساتھ ملکر بیوی پر تشدد، سر کے بال کاٹ دیئے

لاہور (این این آئی) لاہور میں گرین ٹاؤن کے علاقہ میں شوہر کا اپنے والد کیساتھ ملکر بیوی پر تشدد، ملزمان نے خاتون کے سر کے بال کاٹ دیئے۔ خاتون کو زنجیروں سے باندھ کر گھر میں قید رکھا گیا تھا، تھانہ گرین ٹاؤن نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کے لئے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا۔

وطن کیخلاف ہر سازش کا جے یو آئی ہر محاذ پر مقابلہ کرے گی' جے یو آئی

پاکستان کیخلاف کسی دشمن نے میلی آنکھ سے دیکھا تو اس کی آنکھیں نکال دیں گے' مشترکہ بیان

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات (بقیہ نمبر 35)

سیدہ خدیجہ الکبریٰ بلند کردار اور شرافت کا نمونہ تھیں' متحدہ علما کونسل

اسلام کی تاریخ ''حقوق نسواں'' کے حوالے سے نہایت درخشندہ روایات کی امین رہی ہے

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سیدہ (بقیہ نمبر 36)

لاہور، پولیس اہلکار شملہ پہاڑی چوک میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے موقع پر الرٹ کھڑا ہے

قرارداد پاکستان اقوام عالم کیلئے مشعل راہ ہے' ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی

یوم پاکستان تجدید عہد کا دن' بڑی جدوجہد اور قربانیوں کے بعد پاکستان وجود میں آیا' ملک ظہیر اقبال چنڑ

لاہور (این این آئی) ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ نے کہا ہے کہ یوم پاکستان تجدید عہد کا دن ہے جس میں ہم سب کو عہد کرنا ہوگا کہ پاکستان کے لیے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے افکار کے مطابق بھرپور محنت کرنا ہوگی تاکہ اقوام عالم میں پاکستان کا نام بلند ہونے کے ساتھ عزت وقار کی علامت بھی ہو۔ انہوں نے قوم کو یوم پاکستان کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ قرارداد پاکستان نہ صرف پاکستان بلکہ اقوام عالم کے لیے مشعل راہ ہے۔ آج ملک کے حالات ہم سے یہ تقاضا کرتے ہیں کہ ہم اتحاد ایمان اور تنظیم کا جو پیغام قائداعظم نے دیا تھا اس کے مطابق پاکستان کو عظیم سے عظیم تر بنانے کیلئے اپنی کوششوں میں مزید تیزی لائیں۔ انہوں نے کہا کہ 23 مارچ 1940 کو پاکستان کا تصور پیش کیا گیا اور بڑی جدوجہد اور قربانیوں کے بعد پاکستان وجود میں آیا۔ آج وقت کی (بقیہ نمبر 38)

پانی زندگی ہے اور قدرت کا انمول تحفہ ہے پانی کو ضائع مت کرو
کالاباغ ڈیم کی تعمیر حکمرانوں پر قرض بھی اور فرض بھی اب نہیں تو کب
ایٹمی توانائی کی طرح ڈیموں کی صورت میں پانی کے ذخائر ضائع ہونے سے بچاؤ
ترقی زندگی خوشحالی امن روشن سارا ملک دکھاؤ آنے والی نسلوں کو بچاؤ کالاباغ ڈیم بناؤ

لاہور، جسٹس پارٹی کے زیراہتمام پانی کے عالمی دن کے موقع پر کالاباغ ڈیم کی تعمیر کیلئے احتجاجی مظاہرہ کیا جار ہا ہے

لاہور ہائیکورٹ کا آلودگی پھیلانے والی فیکٹریوں کے بجلی کنکشن منقطع کرنیکا حکم

لاہور ہائیکورٹ کی ٹولنٹن مارکیٹ میں تجاوزات کے مرتکب افراد کے خلاف کارروائی' ٹائر جلانے والے پلانٹس کے بجلی کنکشن بھی کاٹنے کی ہدایت

فصلوں کی باقیات کو تلف کرنے کیلئے مزید سپر سیڈر مشینیں خریدی جائیں، سفارشات پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کو بھیجیں' جسٹس شاہد کریم کے ریمارکس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے آلودگی پھیلانے والی فیکٹریوں کے بجلی کنکشن منقطع کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کیخلاف کیس کی سماعت کی، عدالت نے آلودگی پھیلانے والی فیکٹریوں کے بجلی کنکشن منقطع کرنے کا حکم دیدیا۔ عدالت نے تمام بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کو ٹائر جلانے والے پلانٹس کو بجلی کے کنکشن کاٹنے کا حکم دیا ہے۔ پی ایچ اے و شہریوں کی تیراکی کے لئے مخصوص جگہیں (بقیہ نمبر 39)

بیرون ملک جانیوالے مسافروں سے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد

کراچی (این این آئی) ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس نے ملتان، کراچی، سیالکوٹ اور اسلام آباد میں کارروائیوں کے دوران بیرون ملک جانیوالے مسافروں سے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس نے ملتان، کراچی، سیالکوٹ اور اسلام آباد میں کارروائیاں کی۔ کارروائیوں کے دوران ملتان ایئرپورٹ پر بحرین، دوحہ جانے والے مسافروں سے منشیات برآمد کی جبکہ سیالکوٹ (بقیہ نمبر 41)

پنجاب یونیورسٹی کا طالبعلم کینسر و دیگر بیماریوں سے جانبر نہ ہوسکا' وائس چانسلر کا اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی کالج آف ارتھ اینڈ انوائرمینٹل سائنس کے سیکنڈ سمسٹر کا طالبعلم صحت خان جو گزشتہ چند سالوں سے مختلف جان لیوا بیماریوں میں مبتلا تھا، جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق صحت خان کا تعلق لورالائی سے تھا اور عرصہ دراز سے ہیپاٹائٹس اے، سی، کینسر جیسی جان لیوا بیماریوں میں مبتلا تھا جس سے اس کے جگر اور گردے بھی شدید متاثر ہوئے۔ تین روز قبل اسے ایک نجی ہسپتال داخل کرایا گیا تاہم بیماری کے پیش (بقیہ نمبر 42)

سندھ کے دیگر شہروں میں بھی آئی ٹی کلاسز کا آغاز کیا جائے گا، گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ کراچی کی طرح سندھ کے دیگر شہروں میں بھی آئی ٹی کلاسز کا آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد، سکھر، مٹھی، نواب شاہ، لاڑکانہ اور دیگر شہروں میں آئی ٹی کلاسز کے لیے تیاری کر رہے ہیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ کراچی میں ایک سو کی تعداد میں 100 منزلہ عمارتوں کے لیے بھی کام کا آغاز کیا جائے گا۔

امیر بالاج کو قتل کرنے والے مظفر کو دانستہ موقع پر ہی قتل کرایا گیا

ملزم طیفی بٹ کا رشتے دار بلاول مقتول بالاج کو قتل کرنے والی ٹیم میں شامل تھا، تفتیش جاری،

لاہور (این این آئی) امیر بالاج ٹیپو قتل کیس کی تفتیش جاری ہے، جس کی مزید تفصیلات بھی سامنے آئی ہیں۔ پولیس کے مطابق امیر بالاج کو قتل کرنے والا شوٹر مظفر مرکزی ملزم کا قریبی آدمی تھا، مظفر بطور گن مین مرکزی ملزم کے بیٹے کی شادی میں شریک رہا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مظفر کو قتل کی واردات انجام دینے کے فوری بعد گولی مارنے پر تفتیش جاری ہے، مظفر کو دانستہ طور پر موقع پر ہی قتل کرایا گیا، زیر (بقیہ نمبر 40)

Deputy District Edu
(M.E.F) Tehsil (c
Green Pakistan And
Clean Pakistan

گورنمنٹ پرائمری سکول صفانوالہ چوک کے طلبا شجرکاری مہم کے حوالے سے ٹیبلو پیش کر رہے ہیں

آبی وسائل کو بچانے کے لیے فوری اقدامات کئے جائیں' کاشف انور

سالانہ اربوں ڈالر مالیت کا پانی سمندر میں بہا دیا جاتا' محفوظ کر کے پانی کے مسئلے سے نکل سکتا ہے

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے پانی کے عالمی دن کے موقع پر صاف پانی کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد کیا۔ لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے سیمینار کی صدارت کی جبکہ ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر پنجاب ملک محمد اکرم، الخدمت فاؤنڈیشن کے نائب صدر احسان اللہ وقاص، صدر سنٹرل پنجاب اکرام الحق، لاہور ہائی کورٹ بار کے صدر (بقیہ نمبر 43)

معیشت کی ترقی اور استحکام کیلئے سب کو متحد ہو کر کام کرنا ہوگا' افضل کھوکھر

بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے وزیراعظم شہباز شریف کا ویژن قابل تحسین ہے' رکن قومی اسمبلی

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ نواز شریف کی سربراہی میں وزیراعظم نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مسائل ختم کر کے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے پرعزم ہیں، معیشت کی ترقی اور استحکام کے لئے سب کو متحد ہو کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے پارٹی دفتر میں ملاقات کے لئے آنے والے لیگی کارکنوں سے (بقیہ نمبر 44)

ee Plantation Campaign
University of the Punjab, Lahore

لاہور، وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود کی قیادت میں شجرکاری مہم کی اہمیت اجاگر کرنے کیلئے آگاہی واک کی جارہی ہے

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر- 0320-1420226